https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

جلد:24 | منگل 16 ربیع الثانی 1448ھ 29 ستمبر 2026ء | شمارہ:202

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور اندھا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نا نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔




گورنر راج یا ایمرجنسی کی دھمکیوں سے اپنے مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹوں گا، سہیل آفریدی

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ گورنر راج یا ایمرجنسی کی دھمکیوں سے وہ اپنے مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹیں گے پشاور میں امن وامان سے متعلق اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام، پولیس اور فوج نے امن کے قیام کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں

موجودہ پالیسی غلط ہے اور اس کے نتیجے میں دوبارہ پختونوں کا خون بہہ رہا ہے، خیبر پختونخوا کے عوام کو ایک مخصوص مائنڈ سیٹ کے تجربات کا نشانہ بنایا جارہا ہے آج صوبے میں فوجی جوان، پولیس اہلکار، بچے، خواتین، بزرگ اور عام شہری دہشتگردی کا نشانہ بن رہے ہیں

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ گورنر راج یا ایمرجنسی کی دھمکیوں سے وہ اپنے مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ پشاور میں امن وامان سے متعلق اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام، پولیس اور فوج نے امن کے قیام کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں، صوبے کے 80 ہزار سے زائد افراد نے پاکستان کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے۔ دو دہائیوں کی قربانیوں سے حاصل ہونے والا امن دوبارہ بدامنی کی نذر کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اہم خبر



کراچی چیمبر انتخابات: بی ایم جی کو فتح پر شاندار مبارکباد

محمود مولوی، جاوید جیلانی، فواد غریب اور ندیم پولانی نے کراچی چیمبر میں ووٹ کاسٹ کیا

کراچی (بزنس رپورٹر) بزنس مین گروپ (بی ایم جی) نے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کی ایگزیکٹو کمیٹی کے انتخابات 2026-28 میں اپنی جیت کی روایت برقرار رکھتے ہوئے تاریخی اور شاندار کامیابی حاصل کی اور کارپوریٹ اور ایسوسی ایٹ دونوں کیٹیگریز میں بھاری اکثریت سے کامیابی اپنے نام کرلی۔ کراچی چیمبر کی جانب سے جاری غیر حتمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ایس آئی ایف سی کی مداخلت، چینی کمپنی کی دھانیجی فیکٹری 7 ماہ بعد بحال

ہونان ریسورسز کی صنعتی تنصیب فروری سے بند تھی، کمپنی کو مالی نقصان کا سامنا رہا

کراچی (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی بروقت مداخلت اور متعلقہ حکام سے رابطہ کاری کے نتیجے میں چینی کمپنی ہونان ریسورسز کی دھانیجی میں صنعتی تنصیب 7 ماہ بعد دوبارہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

میر رضا کیس: کمیشن کی مدت میں توسیع کا فیصلہ یکم اکتوبر کو ہوگا، جبران ناصر

کراچی (این این آئی) میر رضا کیس کی تحقیقات کیلئے قائم جوڈیشل کمیشن کے حوالے سے جبران ناصر ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ سندھ نے کمیشن کی مدت میں توسیع کی سمری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

کراچی میں موسم گرم اور مرطوب، بارش کا امکان نہیں

کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات نے کراچی میں موسم گرم اور مرطوب رہنے کی پیشگوئی کرتے ہوئے بارش کا کوئی امکان ظاہر نہیں کیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

معلومات تک رسائی شہریوں کا آئینی حق ہے، ناصر حسین شاہ

بلدیاتی ترقیاتی منصوبوں اور فنڈز کی تفصیلات تک عوام کو آسان رسائی دی جارہی ہے، وزیر بلدیات

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے معلومات تک رسائی کے عالمی دن کے موقع پر کہا ہے کہ سرکاری امور اور عوامی منصوبوں میں شفافیت پاکستان پیپلز پارٹی کے منشور کا حصہ ہے، سندھ حکومت بلدیاتی سطح پر عوام کو معلومات کی بلاتعطل فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن کے مطابق طرز حکمرانی کو مزید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

آباد کو مکانہ بنانے والے مافیاز سے صلح نہیں ہوگی، حسن بخشی

آباد کی جانب سے مختلف نیوز چینلز اور پرنٹ میڈیا سے وابستہ کامرس و بلدیاتی رپورٹرز جبکہ کراچی پریس کلب کے عہدیداران کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا آباد کے چیئرمین نے اپنی دو سالہ کارکردگی اور تعمیراتی وہاؤسنگ سیکٹر کے لیے کیے جانے والے اقدام سے میڈیا کو آگاہ کیا

سابق چیئرمین محسن شیخانی، محمد حنیف گوہر، آباد کے سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید، وائس چیئرمین طارق عزیز، چیئرمین سدرن ریجن احمد اویس تھانوی، پریس کلب کے سیکریٹی اسلم خان، سیج کے صدر راجہ کامران اور لگمرا کے سیکرٹری جنرل محمد علی حفیظ دیگر صحافیوں کی بڑی تعداد موجود تھی

بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت پر قائم صوبائی کوآرڈینیشن کمیٹی اور بعد ازاں کمشنر کراچی کی سربراہی میں قائم کمیٹی کے ذریعے بھی تعمیراتی شعبے سے متعلق مختلف امور پر کام کیا گیا چیئرمین آباد کے مطابق پاکستانی رہائشیوں کو بھی روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت فراہم کروائی گئے



چیئرمین آباد محمد حسن بخشی کراچی پریس کلب کے سیکریٹری اسلم خان کو خصوصی شیلڈ پیش کررہے ہیں نامزد چیئرمین حنیف گوہر، اویس تھانوی اور طارق عزیز بھی موجود ہیں

کراچی (علیم نواب خان سے) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کی جانب سے مختلف نیوز چینلز اور پرنٹ میڈیا سے وابستہ کامرس و بلدیاتی رپورٹرز جبکہ کراچی پریس کلب کے عہدیداران کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا۔ تقریب میں آباد کے چیئرمین نے اپنی دو سالہ کارکردگی اور تعمیراتی وہاؤسنگ سیکٹر کے لیے کیے جانے والے اقدام سے میڈیا کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ تمام اکامیابیاں میڈیا کے بھرپور تعاون سے ہی آباد کو حاصل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

کراچی: ناظم آباد میں اتفاقیہ فائرنگ، نوجوان زخمی

کراچی (این این آئی) ناظم آباد نمبر 2 میں گن صاف کرتے ہوئے سیکیورٹی گارڈ سے اتفاقیہ گولی چلنے کے نتیجے میں 21 سالہ نوجوان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

کراچی میں فائرنگ کے 2 واقعات، 2 افراد زخمی

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے 2 واقعات میں 18 سالہ نوجوان سمیت 2 افراد زخمی ہوگئے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

کراچی: سولجر بازار فائرنگ، ہلاک شخص مبینہ ڈاکو نکلا

کراچی (این این آئی) سولجر بازار میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا، تاہم مقتول کی شناخت تاحال نہیں ہوسکی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

جیکب آباد میں ڈکیتی کی واردات شہری سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش

مزاحمت پر فائرنگ کر کے ڈاکوؤں نے شہری کو زخمی کر دیا

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں ڈکیتی کی واردات شہری سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش، مزاحمت پر فائرنگ کر کے ڈاکوؤں نے شہری کو زخمی کر دیا اطلاع پر پولیس کا ملزمان کا تعاقب، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

ریبیز جان لیوا خطرہ، بروقت ویکسینیشن ضروری ہے، محمد علی ملکانی

کتے کے کاٹے پر روایتی ٹوٹکوں سے گریز، زخم 15 منٹ تک صابن اور پانی سے دھویا جائے، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک محمد علی ملکانی نے عالمی یوم ریبیز کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ریبیز کوئی عام بیماری نہیں بلکہ جان لیوا خطرہ ہے، اس سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

ریبیز سے بچاؤ کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہے ہیں، شرجیل انعام میمن

سرکاری ہسپتالوں اور دیہی مراکز صحت میں اینٹی ریبیز ویکسین کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے، سینئر صوبائی وزیر

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے عالمی یوم ریبیز کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ ریبیز سے بچاؤ کے لیے حکومت سندھ تمام وسائل بروئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

سندھ کو غیر ملکی سیاحوں کیلئے پرکشش اور محفوظ بنانے کیلئے پرعزم

مراد علی شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یوم سیاحت کے موقع پر دنیا بھر کے سیاحوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ قدرتی حسن، قدیم تہذیب، شاندار تاریخی ورثے، صوفی روایات لوک ثقافت اور مہمان نوازی کا حسین امتزاج ہے جسے ملکی و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

کتے کے کاٹنے کو معمولی زخم سمجھنا جان لیوا ثابت ہوسکتا ہے، چیف سیکریٹری سندھ

سندھ میں کتے کے کاٹنے کے مریضوں کے علاج کی استعداد میں 30 فیصد اضافہ، 278 اینٹی ریبیز یونٹس قائم، 45 ہزار مریضوں کا علاج

کراچی (این این آئی) چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے عالمی یوم ریبیز کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کتے کے کاٹنے کو معمولی زخم سمجھ کر نظرانداز کرنے کے بجائے فوری علاج زندگی بچا سکتا ہے، ریبیز کی علامات ظاہر ہونے کے بعد بیماری جان لیوا ثابت ہوتی ہے۔ انہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

مستند معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے، گورنر سندھ

شفاف حکمرانی کیلئے معلومات تک آسان اور مساوی رسائی ناگزیر

جعلی اطلاعات کی روک تھام کیلئے عوامی شعور اجاگر کرنا ہوگا، نہال ہاشمی

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے عالمی یوم معلومات تک رسائی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ مستند اور بروقت معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے، جبکہ معلومات تک آسان اور مساوی رسائی شفاف اور جوابدہ طرز حکمرانی کے لیے ناگزیر ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

ایف پی سی سی آئی کا انکم ٹیکس ریٹرن کی تاریخ میں ایک ماہ توسیع کا مطالبہ

ایف بی آر کا آئی آر آئی ایس نظام بار بار سست روی اور خرابی کا شکار

نئی آخری تاریخ 31 اکتوبر مقرر کی جائے، عاطف اکرام شیخ

کراچی (این این آئی) صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ نے وفاقی حکومت اور ایف بی آر سے انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع کرکے نئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

اوورسیز پاکستانیوں کیلئے بڑی خوشخبری، پاسبان ریمیٹنس ریوارڈ اسکیم کا افتتاح

گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے سالانہ 16 ارب روپے کے انعامات پر مشتمل مارکیٹ بیسڈ اور پائیدار اسکیم متعارف کرادی

پی بی اے کے چیئرمین ظفر مسعود، منیر کمال، ناصر سلیم، یوسف حسین، سید عامر علی، عاطف باجوہ، عمران سرور، ضیاء اعجاز، رضوان عطا بھی شریک

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان، جناب جمیل احمد نے ''پاسبان ریمیٹنس ریوارڈ اسکیم'' کا افتتاح کیا۔ یہ مارکیٹ پر مبنی انعامی اسکیم پاکستان پینکس ایسوسی ایشن (PBA) کے زیر اہتمام بینکاری صنعت نے شروع کی ہے۔ اس اسکیم کے تحت پاکستان میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)



گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد سالانہ 16 ارب روپے کے انعامات پر مشتمل مارکیٹ بیسڈ اور پائیدار پاسبان ریمیٹنس ریوارڈ اسکیم کا افتتاح کررہے ہیں



حمزہ تہانی، ظہرانے کے موقع پر سید نہال ہاشمی سے محمد اطہر خان کا تعارف کرا رہے ہیں، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی اور صنعتکار جہانگیر رشید بھی موجود ہیں

محمد اطہر خان کا پاکستان کے اقتصادی و تعلیمی مستقبل پر اہم کالمہ

پروقار ظہرانہ، حمزہ تہانی (ستارہ امتیاز) کی جانب سے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کے اعزاز میں منعقد کیا گیا


گورنر سندھ سید نہال ہاشمی، عقیل کریم ڈھیڈی، عبدالقادر پٹیل، جہانگیر رشید، بابر صدیقی، ذیشان الطاف لوہیا بھی موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) پپی بیلس گروپ آف اسکولز (HPGS) کے منیجنگ ڈائریکٹر پیر سٹر محمد اطہر خان نے 'تہانی ہاؤس' میں منعقدہ ایک پروقار ظہرانے میں شرکت کی۔ یہ تقریب ممتاز کاروباری شخصیت اور مخیّر حضرات میں شمار ہونے والے جناب حمزہ تہانی (ستارہ امتیاز) کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

ڈاکٹر دانش امان پی ایل جی ایم ای اے کے چیف کوآرڈینیٹر مقرر

لیدر گارمنٹس کی صنعت کے فروغ، برآمدات میں اضافے اور عالمی منڈیوں تک رسائی کے لیے کردار ادا کرینگے

سید شجاعت علی اور فواد اعجاز خان کیساتھ ملکر ایسوسی ایشن کو مزید مستحکم کرینگے، ڈاکٹر دانش امان



کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان لیدر گارمنٹس مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن نے ڈاکٹر دانش امان کو 2024ء تا 2026ء کی مدت کے لیے چیف کوآرڈینیٹر مقرر کردیا ہے۔ اپنی نئی ذمہ داریوں کے تحت ڈاکٹر دانش امان ایسوسی ایشن کی قیادت اور اراکین کے ساتھ مل کر پاکستان کی لیدر گارمنٹس صنعت کے فروغ، ملکی و عالمی منڈیوں میں اس کی موجودگی مستحکم کرنے اور مینوفیکچررز و ایکسپورٹرز کو درپیش مسائل کے حل کے لیے کام کریں گے۔ ڈاکٹر دانش امان کی ذمہ داریوں میں تجارت کے فروغ، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

سونے کی قیمت میں 12 ہزار 800 روپے کی بڑی کمی

عالمی مارکیٹ میں فی اونس سونا 128 ڈالر سستا، چاندی کی قیمت بھی کم ہوگئی

کراچی (این این آئی) عالمی اور مقامی صرافہ | مارکیٹوں میں سونے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

سندھ میں ایم ڈی کیٹ 2026ء کے حتمی نتائج جاری

کراچی (این این آئی) سندھ کے میڈیکل اور ڈینٹل کالجز میں داخلوں کے لیے ایم ڈی کیٹ 2026ء کے حتمی نتائج جاری کردیے گئے۔ ایس ٹی ایس کے اعلامیے کے مطابق 20 ستمبر کو سندھ سمیت 9 ٹیسٹ مراکز میں ایم ڈی کیٹ کا امتحان منعقد کیا گیا تھا، جبکہ عبوری نتائج پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

PSMA کی 59 ویں سالانہ جنرل میٹنگ، عثمان احمد نئے چیئرمین منتخب

سوپ سازی کی صنعت کو مسابقت، معیار، جدت، پائیداری اور برآمدات پر توجہ دینا ہوگی، سابق صدر پی ایس ایم اے

مہمان خصوصی ملائیشیا کے قونصل جنرل ایچ ای محمد یونس ابراہیم جبکہ جمہوریہ انڈونیشیا کے قونصل برائے اقتصادی امور صفیان احمد کی بطور مہمانِ اعزازی شرکت

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان سوپ مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کی 59 ویں سالانہ جنرل میٹنگ اور سالانہ عشائیے کا انعقاد میریٹ ہوٹل میں ہوا، تقریب کے مہمان خصوصی ملائیشیا کے قونصل جنرل ایچ۔ای۔ محمد یونس ابراہیم تھے جبکہ جمہوریہ انڈونیشیا کے قونصل برائے اقتصادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

گڈز ٹرانسپورٹرز کی ملک گیر ہڑتال، بندرگاہیں بند کرنے کی دھمکی

کراچی (این این آئی) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز الائنس نے حکومت کو ملک گیر ہڑتال اور بندرگاہوں پر سامان کی آمدورفت بند کرنے کی دھمکی دے دی۔ چیئرمین آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز الائنس شار حسین جعفری نے کہا ہے کہ سیاسی لانگ مارچ اور احتجاج روکنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

مصنوعی ذہانت کے دور میں خبر کی تصدیق کی اہمیت مزید بڑھ گئی، گیانچند ایسرانی

رفتار سے زیادہ صحافت کی طاقت سچائی اور اعتبار ہے،

غلط معلومات اداروں پر عوامی اعتماد متاثر کرسکتی ہیں، مشیر برائے بحالی سندھ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر برائے بحالی گیانچند ایسرانی نے عالمی یوم خبروں کے موقع پر کہا ہے کہ موجودہ دور میں درست اور قابل اعتماد صحافت کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے، صحافت کی اصل طاقت رفتار کے بجائے سچائی اور اعتبار ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

کپاس کی پیداوار 4.9 ملین بیلز تک گرنا تشویشناک ہے، میاں زاہد حسین

کپاس کی قلت پوری کرنے کیلئے 2 ارب ڈالر کی درآمدات کرنا پڑسکتی ہیں، صدر کراچی انڈسٹریل الائنس

کپاس کی ملکی پیداوار میں کمی کے باعث یہ خطیر رقم پاکستانی کسانوں کے بجائے غیر ملکی کسانوں کو جائے گی

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچوئلز فورم کے صدر اور مینجنگ بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ کپاس ملکی زرعی معیشت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

کراچی میں غیر قانونی طور پر مقیم 4 افغان شہری گرفتار

سکھن پولیس کی کارروائی، مزید قانونی کارروائی کیلئے رشید آباد افغان کیمپ منتقل

کراچی (این این آئی) سکھن کے علاقے میں | پولیس نے کارروائی کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

دل کی دھڑکن کو نظرانداز نہ کریں، ڈاکٹر اسد اللہ سومرو

عالمی یوم قلب کا مقصد دل کی بیماریوں سے متعلق شعور اجاگر کرنا اور قابل روک تھام خطرات سے عوام کو محفوظ رکھنا ہے

تمباکو نوشی، غیر صحت بخش خوراک، جسمانی سرگرمی کی کمی، ناقص نیند اور منشیات امراض قلب کے اہم خطرات، ماہر امراض قلب



کراچی (بزنس رپورٹر) سن 1999 میں ورلڈ ہارٹ فیڈریشن (WHF) نے ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (WHO) کے اشتراک سے عالمی یوم قلب (DayHeartWorld) کے قیام کا اعلان کیا۔ اس سالانہ دن کا تصور انتونی لونا نے پیش کیا تھا، جبکہ پہلا عالمی یوم قلب 24 ستمبر 2000 کو منایا گیا۔ پاکستان بھی اس عالمی مہم میں پیچھے نہیں رہا۔ پاکستان کارڈیک سوسائٹی (PCS) نے 30 ستمبر 2001 کو پاکستان میں پہلا عالمی یوم قلب منایا۔ اس دن کا بنیادی مقصد عوام کو دل کی بیماریوں، ان کے خطرات، علامات اور بچاؤ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

کلفٹن میں نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے نوجوان جاں بحق

بینظیر پارک کے قریب حادثہ، ڈرائیور گاڑی سمیت فرار، متوفی کی شناخت نہ ہوسکی

کراچی (این این آئی) بوٹ بیسن کے علاقے | کلفٹن میں بینظیر پارک کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)



ملائیشیا کے قونصل جنرل ایچ۔ای۔ محمد یونس ابراہیم پی۔ایس۔ایم۔اے۔ کی اے۔جی ایم اور سالانہ عشائیہ 2026 کے موقع پر چیئرمین آصف اقبال پراچہ کو یادگاری شیلڈ پیش کررہے ہیں اس موقع پر نومنتخب چیئرمین عثمان احمد بھی موجود ہیں



ممتاز عالم دین مولانا بشیر فاروقی معروف اخبار پاکستان آبزرور کے مالک فیصل زاہد ملک کے صاحبزادے ابراہیم فیصل کا نکاح پڑھا رہے ہیں، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی، فیصل زاہد ملک کی والدہ، بھائی گوہر ملک، عمر ملک، دلہن کے والد کامران محمود بٹ اور ماموں ملک انعام الرحمٰن بھی موجود ہیں

روزنامہ
قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نصرت حارث
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرعی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON
VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

افغان سرزمین سے پاکستان میں ڈرون مداخلت۔۔!

وزیر اطلاعات اور نشریات عطاء اللہ تارڑ نے ''ایکس'' پر اپنی پوسٹ میں کہا ہے کہ افغانستان سے ڈرون حملے پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی صریحاً خلاف ورزی ہیں، یہ سنگین جارحیت اور ناقابلِ قبول عمل ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان کے فضائی دفاعی نظام نے تمام ڈرونوں کو اُن کے مطلوبہ اہداف تک پہنچنے سے پہلے ہی شناخت اور ٹریک کر کے غیر موثر کر دیا جس سے مجوزہ حملے مکمل طور پر ناکام ہو گئے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ اپنی خودمختاری کے دفاع کا حق استعمال کرتے ہوئے پاکستان نے افغانستان میں اِن ڈرونوں کو لانچ اور ذخیرہ کرنے کیلئے استعمال ہونے والے 10 مقامات کی مکمل نشاندہی کے بعد فضائی اور ڈرون حملے کئے۔ یہ سوچے سمجھے، درست، متوازن اور مناسب حملے تھے، صرف اُنہی عسکری اہداف کو نشانہ بنایا گیا جو پاکستان کے خلاف حملوں سے براہِ راست جڑے ہوئے تھے۔ عطاء تارڑ نے کہا کہ پاکستان برسوں سے طالبان حکومت سے افغان سرزمین پر دہشت گردوں کی پناہ گاہوں اور اُن کے معاون نیٹ ورکس کی مسلسل موجودگی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتا رہا ہے۔ افغان طالبان حکومت نے کوئی موثر کارروائی کرنے کے بجائے پاکستان پر ڈرون حملے کر کے صورتحال کو مزید بگاڑنے کا راستہ اختیار کیا۔ اُن کا یہ بھی کہنا ہے کہ پاکستان افغان سرزمین سے کئے جانے والے حملوں کو ہرگز قبول یا برداشت نہیں کرے گا، چاہے یہ دہشت گرد گروہوں کی طرف سے ہوں یا خود افغان طالبان حکومت کی جانب سے، پاکستان کی خودمختاری کی کسی بھی خلاف ورزی کا فوری اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ افغان طالبان کی جانب سے دھمکیاں، تردید یا ذمہ داری سے فرار کی کوششیں حقائق بدل سکتی ہیں اور نہ ہی پاکستان کے اپنی سرزمین، عوام اور قومی سلامتی کے دفاع کے بنیادی حق کو محدود کر سکتی ہیں۔ وزیر اطلاعات نے افغان طالبان حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ پاکستان کے خلاف تمام مکروہ سرگرمیاں فوری طور پر بند کرے اور افغان سرزمین سے کارروائیاں کرنے والے دہشت گرد عناصر کے خلاف مؤثر، ٹھوس، قابلِ تصدیق اور مسلسل کارروائی کرتے ہوئے اپنی بین الاقوامی ذمہ داریاں پوری کرے، افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف حملے شروع کرنے یا ایسی دشمنی پر مبنی کارروائیوں کیلئے استعمال نہیں کیا جانا چاہئے۔



خواتین کو 50 ہزار ای وی اسکوٹیز دینے کا ہدف، شرجیل میمن

خواتین کو بااختیار بنانا شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے وژن کا حصہ ہے، سندھ حکومت خواتین کی ترقی اور خودمختاری کے لیے اقدامات جاری رکھے گی، صوبائی وزیر



میر پور خاص (بیورو رپورٹ) خواتین کو 50 ہزار ای وی اسکوٹیز دینے کا ہدف، پنک ٹیکسی سروس بھی جلد شروع ہوگی: شرجیل انعام میمن تفصیلات کے مطابق سندھ کے سینئر وزیر اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ خواتین کو بااختیار بنانا شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے وژن کا حصہ ہے، سندھ حکومت خواتین کی ترقی اور خودمختاری کے لیے اقدامات جاری رکھے گی، خواتین کو پنک ٹیکسیاں بھی جلد فراہم کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

جیکب آباد میں بھتہ خور مافیا کا راج! "اتنا کمارہے ہو منتھلی دو" ایک کروڑ بھتہ نہ دینے پر لطیف میڈیکل سینٹر پر 5 مسلح افراد کا حملہ




جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں بھتہ خور مافیا کا راج! "اتنا کمارہے ہو منتھلی دو" ایک کروڑ بھتہ نہ دینے پر لطیف میڈیکل سینٹر پر 5 مسلح افراد کا حملہ، جیکب آباد میں رہنا ہے تو بھتہ دینا ہوگا ورنہ یہاں سے چلے جاؤ، یہ شہر ہمارا ہے!" مجید گلوانی کی تاجر عبدالستار بگلانی کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

میر پور خاص: پاکستان پیپلز پارٹی حیدرآباد ڈویژن کے صدر عاجز دھامرا نے میر پور خاص پریس کلب کا دورہ کیا

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی حیدرآباد ڈویژن کے صدر عاجز دھامرا نے میر پور خاص پریس کلب کا دورہ کیا۔ اس موقع پر میئر میر پور خاص عبدالرؤوف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



کراچی ٹاؤن میونسپل کارپوریشن منگھوپیر کے چیئرمین حاجی نوازعلی بروہی نے یونین کمیٹی 12 میں جاری روڈ کارپیٹنگ کے ترقیاتی کام کا تفصیلی دورہ



کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی ٹاؤن میونسپل کارپوریشن منگھوپیر کے چیئرمین حاجی نوازعلی بروہی نے یونین کمیٹی 12 میں جاری روڈ کارپیٹنگ کے ترقیاتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

کنری شہر اور گردونواح میں یوفون، جیز، ٹیلی نار، زونگ سمیت مختلف موبائل کمپنیوں کی انٹرنیٹ اور کال سروس ناقص ہونے کے باعث صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا

کنری (نامہ نگار) کنری شہر اور گردونواح میں یوفون، جیز، ٹیلی نار، زونگ سمیت مختلف موبائل کمپنیوں کی انٹرنیٹ اور کال سروس ناقص ہونے کے باعث صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ موبائل کمپنیوں کی جانب سے انٹرنیٹ اور کالز کے پیکیجز کی قیمتوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)



میر پور خاص: پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما ٹھار وخان پنہور انتقال کر گئے، سیاسی و سماجی حلقوں میں سوگ

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کے دیرینہ کارکن اور ضلع کے ڈپٹی جنرل سیکریٹری ٹھارو خان پنہور دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ ان کے انتقال کی خبر پر میر پور خاص شہر سمیت پیپلز پارٹی کے رہنماؤں اور کارکنوں میں گہرے دکھ کی لہر دوڑ گئی۔ مرحوم کی نماز جنازہ میں پیپلز پارٹی کے سابق سینیٹر عاجز دھامراہ، میئر عبدالروف غوری، رہنما کرن ہری رام، رفیق بھرگڑی سمیت سیاسی و سماجی شخصیات، کارکنوں، پنہور برادری، وکلا، صحافیوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی حیدرآباد ڈویژن کے صدر اور سابق سینیٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

ڈی سی کے چھاپے کا بڑا ڈراپ سین! تعلقہ اسپتال ٹھل کے ایم ایس اور اسٹور کیپر فارغ، مگر 30 سے زائد غیر حاضر ڈاکٹروں پر محکمہ صحت مہربان

جیکب آباد (نامہ نگار) ڈی سی کے چھاپے کا بڑا ڈراپ سین! تعلقہ اسپتال ٹھل کے ایم ایس اور اسٹور کیپر فارغ، مگر 30 سے زائد غیر حاضر ڈاکٹروں پر محکمہ صحت مہربان، سیکریٹری صحت نے ڈی سی کی رپورٹ پر ایم ایس ٹھل ڈاکٹر عبدالرشید نوناری اور اسٹور کیپر شفقت گولو کو عہدوں سے ہٹا کر سیکریٹریٹ رپورٹ کرنے کا حکم جاری کر دیا؛ مگر ڈیوٹی سے غائب رہ کر مفت تنخواہیں بٹورنے والے 30 سے زائد ڈاکٹرز اور طبی عملہ اب بھی سزا سے صاف بچ گئے! سول اسپتال جیکب آباد اور ٹھل کے اسپتالوں کو 'سائیڈ بزنس' بنانے والے کالی بھیڑوں کے خلاف محکمہ صحت کی پراسرار خاموشی پر عوامی تشویش جیکب آباد اور ٹھل کے سرکاری اسپتالوں میں غریب مریضوں کی زندگیوں سے کھیلنے اور مفت تنخواہیں ہضم کرنے والے غیر حاضر ڈاکٹروں اور انتظامیہ کے خلاف کارروائی میں محکمہ صحت سندھ کی دوہری پالیسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)


جیکب آباد میں آوارہ کتوں کا راج! اسکول کے بچے اور نمازی محفوظ نہ رہے؛ گلی محلوں میں خوف وہراس کا عالم

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں آوارہ کتوں کا راج! اسکول کے بچے اور نمازی محفوظ نہ رہے؛ گلی محلوں میں خوف وہراس کا عالم، شہر کی گلی کوچوں میں کتوں کے غنڈہ گرد ٹولے بے قابو! اسکول جانے والے معصوم بچوں اور مساجد کا رخ کرنے والے بزرگوں پر حملے روز کا معمول بن گئے؛ متعدد افراد کاٹ کر زخمی! خوف کے مارے بچے اور بزرگ گھروں میں محصور، شہریوں کا گھروں سے نکلنا محال! میونسپل کمیٹی اور محکمہ صحت کو مامن؛ سگ کشی مہم چلانے اور اینٹی ریبیز ویکسین کی فراہمی کا فوری مطالبہ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد شہر اور اس کے ملحقہ علاقوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

جیکب آباد میں بھتہ خور مافیا بے لگام! بانو بازار کے ہندو تاجر سے 20 لاکھ روپے بھتے کا مطالبہ، نہ دینے پر قتل کی دھمکیاں

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں بھتہ خور مافیا بے لگام! بانو بازار کے ہندو تاجر سے 20 لاکھ روپے بھتے کا مطالبہ، نہ دینے پر قتل کی دھمکیاں، موٹر سائیکل سوار 2 مسلح ملزمان کی کپڑے کے معروف تاجر رام کمار کی دکان پر غنڈہ گردی؛ بھتہ نہ دینے کی صورت میں سنگین نتائج کی دھمکی! تاجر برادری میں شدید خوف و ہراس اور عدم تحفظ کی لہر دوڑ گئی؛ سٹی تھانے میں رپورٹ درج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

کراچی این آئی سی وی ڈی کے مبینہ جعلی سروس رولز 2016-17 پر اعلیٰ سطحی تحقیقات کا مطالبہ



کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی این آئی سی وی ڈی کے مبینہ غیر مستند یا جعلی سروس رولز 2016-17 کے استعمال اور ان کے نتیجے میں اربوں روپے کے ممکنہ مالی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

سعید غنی فوبیا میں مبتلا عناصر تاریخ مسخ کرنے کے بجائے اپنی سیاست کا جواب دیں: عابد حسین ستی



کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی پاکستان پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ویسٹ کے صدر عابد حسین ستی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ سعید غنی کے سیاسی قد وقامت پر سوال اٹھانے والوں کو یہ سمجھنا چاہیے کہ سیاسی قد کسی سرٹیفکیٹ، ٹی وی ٹاک شو یا پریس کانفرنس سے نہیں بلکہ برسوں کی سیاسی جدوجہد، قربانی، مزاحمت اور عوام کے درمیان رہنے سے بنتا ہے انہوں نے کہا کہ آج کراچی میں بعض سیاسی جماعتوں کی گفتگو سے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے اختلافِ رائے کے بجائے ''سعید غنی فوبیا'' ان کی مشترکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمدورفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیزگام	5:30	9:55



شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

Roundup Pakistan

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

سعودی قونصل خانے کی مملکت کے 96 ویں قوم دن کی مناسبت سے شاندار تقریب

سید نہال ہاشمی بطور مہمان خصوصی، چوہدری سالک حسین، عرفان سومرو مہمان خاص، قونصل جنرل ناصر السباعی نے شرکاء کا استقبال کیا

شرکاء میں برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر، برطانوی ہیڈ آف مشن ٹام برج، امریکی ہیڈ آف پبلک افیئرز، سلطنتِ عمان کے قونصل جنرل انجینئر

سامی عبداللہ الخنجری اور امارات کے قونصل جنرل ڈاکٹر بخیط عتیق الرومیتی، بحرین، ملائیشیا، جرمن، انڈونیشیا، جاپانی قونصل جنرلز بھی شامل تھے



کراچی (بزنس رپورٹر) سعودی قونصل خانہ نے مملکت کے 96 ویں قومی دن کی مناسبت سے تقریب کا انعقاد کیا مشاہدہ رپورٹ سعودی عرب کے قونصل خانے نے مملکت کے 96 ویں قومی دن کی یاد میں ایک تقریب کا انعقاد کیا، جس میں سینئر سرکاری عہدیداران، سفارت کار، سیاسی شخصیات اور کاروباری برادری کے ارکان نے شرکت کی۔ گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شریک ہوئے، جبکہ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین، وزارتِ خارجہ کے ڈائریکٹر جنرل عرفان سومرو، صوبائی وزیر سعید غنی اور ذوالفقار علی شاہ بھی نمایاں مہمانوں میں شامل تھے۔ سعودی قونصل جنرل ناصر السباعی نے شرکاء کا استقبال کیا اور اس موقع کو سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان گہرے تعلقات کا جشن قرار دیا۔ یہ اجتماع دونوں ممالک کے درمیان طویل المدتی سفارتی اور عوامی رابطوں کے تعلق کی عکاسی کرتا ہے۔ تقریب میں بڑی تعداد میں سفارتی کور کے اراکین نے شرکت کی، جس سے کراچی میں بین الاقوامی برادری کی موجودگی اجاگر ہوئی۔ شرکاء میں برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر، برطانوی ہیڈ آف مشن ٹام برج، امریکی ہیڈ آف پبلک افیئرز، سلطنتِ عمان کے قونصل جنرل انجینئر سامی عبداللہ الخنجری اور متحدہ عرب امارات کے قونصل جنرل ڈاکٹر بخیط عتیق الرمیثی بھی شامل تھے۔ جرمن قونصل جنرل تھامس اے. شالز، جاپانی قونصل جنرل ہیٹوری مساورو، قائم مقام چاپانی قونصل جنرل فینگ ڈے-ہینگ، ملائیشین قونصل جنرل یونس ابراہیم اور انڈونیشین قونصل جنرل مد ذاکر بھی اس تقریب میں شریک ہو- ئے۔ آئیوری کوسٹ کے آنریری قونصل جنرل فضل کریم دادا بھائی اور مراکش کے آنریری قونصل جنرل اشتیاق بیگ بھی اس موقع پر موجود سفارتی نمائندوں میں شامل تھے۔ تقریب میں پاکستان کے کاروباری اور سیاسی حلقوں کی معروف شخصیات بھی شریک ہوئیں۔ صنعت- کار حمزہ تابانی، اطہر اقبال اور رکن قومی اسمبلی مرزا اختیار بیگ تقریب میں شریک تھے۔ یوم قومی کی تقریب میں سعودی عرب کے قومی دن کی 96 ویں سالگرہ کی یاد میں روایتی کیک کاٹا گیا۔ گورنر ہاشمی اور دیگر معززین نے سعودی قونصل جنرل کے ساتھ مل کر کیک کاٹنے کی تقریب میں حصہ لیا۔ اس تقریب نے پاکستانی حکام، سفارت کاروں اور کاروباری برادری کے ارکان کو اس بات کا موقع فراہ- م کیا کہ وہ مملکتِ سعودی عرب کے قومی دن اور دونوں ملکوں کے درمیان عرصہ در از سے قائم تعلقات کا اعتراف کرتے ہوئے ایک جگہ جمع ہوں۔ سعودی عرب کا یومِ قومی ہر سال 23 ستمبر کو منایا جاتا ہے، 1932 میں فرماں روا شاہ عبدالعزیز کے تحت مملکت کے اتحاد کی یادگار ہے۔

موضوع (یونیفارم سے آگے) موٹروے پولیس ساؤتھ زون کراچی میں اہم سیمینار

سائیکوتھراپسٹ سائمہ ہاشم نے خود آگاہی، جذباتی توازن اور پیشہ ورانہ وذاتی زندگی میں توازن برقرار رکھنے پر روشنی ڈالی

افسران اور جوانوں کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کیساتھ ساتھ انکی ذہنی وجذباتی صحت بھی انتہائی اہمیت رکھتی ہے، ڈی آئی جی جاوید اکبر ریاض

جاوید اکبر ریاض نے نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ساؤتھ زون کی جانب سے مس سائمہ ہاشم کو یادگاری شیلڈ پیش کی، سیشن مفید معلوماتی قرار



کراچی (بزنس رپورٹر) نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ساؤتھ زون کراچی کے زونل آفس میں افسران اور جوانوں کی ذہنی و جذباتی صحت، مثبت سوچ اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے فروغ کے لیے ''Uniform the Beyond'' کے موضوع پر خصوصی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ خصوصی سیشن میں معروف سائیکوتھراپسٹ، سائیکالوجسٹ، موٹیویشنل اسپیکر اور میڈیا پرسن مس سائمہ ہاشم نے خصوصی لیکچر دیا۔ انہوں نے ذہنی صحت، خود آگاہی، جذباتی توازن، کام کے دباؤ سے مؤثر انداز میں نمٹنے اور پیشہ ورانہ و ذاتی زندگی میں توازن برقرار رکھنے کے حوالے سے مفید اور حوصلہ افزا گفتگو کی۔ مس سائمہ ہاشم نے افسران و جوانوں کو روزمرہ پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے دوران ذہنی دباؤ کو سمجھنے اور اس سے بہتر انداز میں نمٹنے کے مختلف طریقوں سے آگاہ کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ذہنی سکون، مثبت سوچ اور جذباتی توازن نہ صرف ذاتی زندگی بلکہ پیشہ ورانہ کارکردگی پر بھی مثبت اثرات مرتب کرتے ہیں۔ اس موقع پر ڈی آئی جی موٹروے پولیس ساؤتھ زون جاوید اکبر ریاض نے بھی خصوصی سیشن میں شرکت کی۔ انہوں نے مس سائمہ ہاشم کی مفید، معلوماتی اور متاثر کن گفتگو کو سراہتے ہوئے ان کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ ڈی آئی جی جاوید اکبر ریاض نے کہا کہ افسران اور جوانوں کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ ان کی ذہنی وجذباتی صحت بھی انتہائی اہمیت رکھتی ہے۔ ایسے سیشنز اہلکاروں کو ذہنی دباؤ کم کرنے، مثبت سوچ اپنانے اور اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔ سیشن کے اختتام پر ڈی آئی جی جاوید اکبر ریاض نے نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ساؤتھ زون کی جانب سے مس سائمہ ہاشم کو یادگاری شیلڈ پیش کی۔ اس موقع پر موجود افسران اور جوانوں نے 'موضوع یونیفارم سے آگے' سیشن کو نہایت مفید، معلوماتی اور حوصلہ افزا قرار دیا۔

بقیہ نمبر 1 «قوم کی آواز»

جائیں گی۔میرپورخاص میں خواتین میں مفت پنک اسکوٹیز تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شرجیل میمن نے کہا کہ سندھ حکومت تربیت اور ڈرائیونگ ٹیسٹ پاس کرنے والی خواتین کو ای وی اسکوٹیز فراہم کر رہی ہے، یہ سلسلہ رکے گا نہیں بلکہ ڈرائیونگ لائسنس رکھنے والی 50 ہزار خواتین کو ای وی اسکوٹیز فراہم کرنے کا ہدف ہے۔انہوں نے کہا کہ سندھ ملک کا واحد صوبہ ہے جو خواتین کو مفت ای وی اسکوٹیز فراہم کر رہا ہے، یہ اسکوٹیز سندھ کے ہر ضلع میں خواتین کو دی جائیں گی۔ پنک اسکوٹی مردوں کے استعمال کے لیے نہیں، کسی مرد کو اسکوٹی استعمال کرتے دیکھا گیا تو کارروائی ہوگی۔صوبائی وزیر نے کہا کہ خواتین کے ڈرائیونگ لائسنس کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے اور اب والدین بھی اپنی بیٹیوں کو موٹر سائیکل چلانے کی اجازت دے رہے ہیں۔حکومت خواتین کو معاشی اور سماجی طور پر بااختیار بنانے کے لیے مزید اقدامات کرے گی۔شرجیل میمن نے کہا کہ کسانوں کے لیے ہاری کارڈ اور مزدوروں کے لیے لیبر کارڈ جاری کیے جا رہے ہیں، جبکہ صحت، تعلیم اور تھر کے کوئلے سمیت مختلف شعبوں میں سندھ میں اہم اقدامات کیے گئے ہیں۔تقریب میں صوبائی وزیر ثقافت ذوالفقار علی شاہ، صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر میر طارق تالپور، ایم پی ایز امداد پتافی، قاسم سراج سومرو، علی حسن ہنگورجو، خیر النساء مغل، ضلع کونسل چیئرمین میر انور علی تالپور، میئر عبدالروف غوری، ڈپٹی کمشنر نواب سمیر حسین لغاری، سیکریٹری ٹرانسپورٹ اسد ضامن، ایم ڈی ٹرانسپورٹ بہزاد میمن، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹرانسپورٹ رفیع علی لغاری اور دیگر موجود تھے۔

بقیہ نمبر 2 «قوم کی آواز»

غوری بھی ان کے ہمراہ تھے۔پریس کلب پہنچنے پر صدر میرپورخاص پریس کلب نذیر پنھور اور دیگر صحافیوں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔اس موقع پر عاجز دھامرا نے کہا کہ میرپورخاص پریس کلب آ کر خوشی ہوئی۔انہوں نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کا وژن ہے کہ آزاد اور ذمہ دار صحافت جمہوریت کی مضبوطی کے لیے ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی ہدایات کی روشنی میں پیپلز پارٹی صحافی برادری کے مسائل کے حل کے لیے ان کے ساتھ کھڑی ہے۔صدر پریس کلب نذیر پنھور نے عاجز دھامرا اور میئر عبدالروف غوری کی آمد پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ پریس کلب کی عزت افزائی پر ہم ان کے شکرگزار ہیں۔

بقیہ نمبر 3 «قوم کی آواز»

مسلسل اضافہ کیے جانے کے باوجود سروس کا معیار بہتر نہ ہونے پر صارفین میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔تفصیلات کے مطابق کنری شہر کے مختلف علاقوں اور گردونواح میں موبائل نیٹ ورک کے سگنلز کمزور ہونے، کالز کے دوران آواز واضح نہ آنے، بار بار کال منقطع ہونے اور کال ملنے میں دشواری سمیت دیگر شکایات سامنے آ رہی ہیں۔اسی طرح موبائل انٹرنیٹ کی رفتار بھی انتہائی سست ہونے کے باعث صارفین کو آن لائن سرگرمیوں میں مشکلات کا سامنا ہے۔صارفین کا کہنا ہے کہ بعض اوقات موبائل پر سگنلز موجود ہونے کے باوجود انٹرنیٹ سروس مؤثر طریقے سے کام نہیں کرتی، جبکہ ضروری کال کرنے کے لیے بھی کئی مرتبہ کوشش کرنا پڑتی ہے۔صارفین کے مطابق موبائل کمپنیوں کی جانب سے مختلف انٹرنیٹ اور کال پیکجز کی قیمتوں میں اضافہ کیا جا رہا ہے، تاہم قیمتوں میں اضافے کے مقابلے میں سروس کا معیار بہتر نہیں کیا گیا۔موبائل فون اور انٹرنیٹ موجودہ دور میں رابطے، تعلیم، کاروبار، آن لائن خرید و فروخت، بینکنگ اور دیگر روزمرہ معاملات کے لیے انتہائی اہم ہو چکے ہیں، لیکن ناقص نیٹ ورک سروس کے باعث شہریوں کو اپنے معمولات کی انجام دہی میں دشواری پیش آ رہی ہے۔طلبہ کا کہنا ہے کہ سست انٹرنیٹ کے باعث آن لائن لیکچرز، تعلیمی مواد اور دیگر ضروری معلومات تک رسائی متاثر ہوتی ہے، جبکہ کاروباری افراد اور دکانداروں کو بھی آن لائن کاروباری معاملات، صارفین سے رابطے اور ڈیجیٹل ادائیگیوں کے سلسلے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ کئی مرتبہ موبائل ڈیٹا پیکیج فعال ہونے کے باوجود مطلوبہ رفتار دستیاب نہیں ہوتی، جس سے صارفین کو وقت اور رقم دونوں کا نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے۔شہریوں نے موبائل کمپنیوں کی انتظامیہ اور پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) سے مطالبہ کیا ہے کہ کنری اور گردونواح میں موبائل نیٹ ورکس کی ناقص کارکردگی کا فوری نوٹس لیا جائے، تمام کمپنیوں کے سگنلز اور انٹرنیٹ سروس کا تکنیکی جائزہ لیا جائے اور جہاں نیٹ ورک کوریج کے مسائل ہیں وہاں اضافی ٹاورز اور جدید آلات نصب کیے جائیں۔صارفین نے مزید مطالبہ کیا کہ موبائل کمپنیوں کو اس امر کا پابند بنایا جائے کہ وہ صارفین سے پیکیجز کی مد میں وصول کی جانے والی رقم کے عوض معیاری اور قابل اعتماد کال و انٹرنیٹ سروس فراہم کریں، تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔

بقیہ نمبر 4 «قوم کی آواز»

کام کا تفصیلی دورہ کیا اور موقع پر پہنچ کر سڑک کی کارپیٹنگ کے جاری کام، استعمال ہونے والے میٹریل، تعمیراتی معیار اور کام کی مجموعی پیش رفت کا جائزہ لیا۔چیئرمین نے مختلف مراحل کا خود معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ افسران اور عملے سے کام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ بھی حاصل کی۔اس موقع پر چیئرمین حاجی نواز علی بروہی نے متعلقہ افسران اور تعمیراتی عملے کو ہدایت کی کہ روڈ کارپیٹنگ کے کام میں معیار کو ہر صورت مقدم رکھا جائے اور تعمیراتی میٹریل کے معیار پر خصوصی توجہ دی جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ عوامی وسائل سے ہونے والے ترقیاتی کام محض رسمی کارروائی نہیں بلکہ شہریوں کی سہولت اور علاقے کی بہتری کے لیے کیے جاتے ہیں، اس لیے ان کی مضبوطی، پائیداری اور دیرپا افادیت کو یقینی بنانا ضروری ہے۔انہوں نے ہدایت کی کہ سڑک کی کارپیٹنگ کا کام مقررہ تکنیکی معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ تعمیر کے بعد سڑک طویل عرصے تک بہتر حالت میں برقرار رہے۔حاجی نواز علی بروہی نے موقع پر جاری کام کے مختلف حصوں کا جائزہ لیتے ہوئے میٹریل اور کارپیٹنگ کے معیار کو بھی چیک کیا اور متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ کام کے ہر مرحلے کی مؤثر نگرانی کی جائے۔

بقیہ نمبر 5 «قوم کی آواز»

کروانے کے باوجود پولیس کی روایتی بے حسی برقرار، تحفظ کے لیے صفر اقدامات تفصیلات کے مطابق جیکب آباد شہر میں تاجروں اور بالخصوص اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے کاروباری افراد کے خلاف بھتہ خور مافیا ایک بار پھر سرگرم ہو گئی ہے۔شہر کے دل یعنی بانو بازار میں کپڑے کے معروف بیوپاری سے کھلے عام 20 لاکھ روپے بھتہ مانگنے اور نہ دینے پر جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے کا سنسنی خیز واقعہ سامنے آیا ہے، جس کے بعد تاجر برادری میں شدید اشتعال اور عدم تحفظ کی لہر پھیل گئی ہے۔بانو بازار میں واقع کپڑے کے تاجر رام کمار کی دکان پر موٹر سائیکل پر سوار دو نامعلوم مسلح افراد پہنچے اور زبردستی دھمکیاں دیتے ہوئے مطالبہ کیا۔ملزمان نے تاجر کو صاف الفاظ میں 20 لاکھ روپے بھتہ ادا کرنے کا حکم دیا اور کہا کہ اگر رقم نہ دی گئی تو نتائج کا خود ذمہ دار ہوگا۔رقم کی عدم ادائیگی کی صورت میں تاجر رام کمار کو قتل کرنے کی براہ راست دھمکی دی گئی اور ملزمان بآسانی اسلحہ لہراتے ہوئے فرار ہو گئے۔واقعے کے فوراً بعد تاجر رام کمار نے سٹی تھانہ جیکب آباد پہنچ کر پولیس کو تمام حالات سے آگاہ کیا اور تحریری رپورٹ درج کروائی۔لیکن افسوسناک امر یہ ہے کہ رپورٹ درج ہونے کے باوجود سٹی تھانہ پولیس کی جانب سے تاجر اور اس کی دکان کو سیکورٹی فراہم کرنے کے لیے کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا گیا۔پولیس کی اس عدم توجہی اور بے حسی کے باعث متاثرہ تاجر رام کمار اور بانو بازار کے دیگر بیوپاری شدید خوف اور اضطراب کا شکار ہیں۔

بقیہ نمبر 6 «قوم کی آواز»

میں آوارہ، باؤلے اور خطرناک کتوں کی بہتات نے عوامی زندگی کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے۔بلدیہ (میونسپل کمیٹی) اور محکمہ صحت کی مجرمانہ غفلت کے باعث گلی محلوں، مرکزی شاہراہوں اور مساجد کے اطراف کتوں کے غول کے غول دندناتے پھر رہے ہیں، جس کے باعث شہری شدید خوف و ہراس میں مبتلا ہیں۔شہر کے تمام وارڈز اور محلوں سے آوارہ کتوں کے حملوں کی سنگین شکایات موصول ہو رہی ہیں اسکول جانے والے معصوم طالب علم غیر محفوظ: صبح کے وقت اسکول جانے والے معصوم بچوں پر کتوں کے جھنڈ یکلخت حملہ آور ہو جاتے ہیں، جس کی وجہ سے بچے شدید خوفزدہ ہیں اور والدین اپنے بچوں کو تنہا اسکول بھیجنے سے کترانے لگے ہیں۔نمازیوں اور بزرگوں پر حملے: فجر، مغرب اور عشاء کے اوقات میں مساجد کا رخ کرنے والے بزرگ نمازیوں پر کتوں کے کاٹنے اور حملوں کے واقعات میں سنسنی خیز اضافہ ہو چکا ہے۔کتوں نے متعدد افراد کو کاٹ کر شدید زخمی کر دیا ہے۔کتوں کی یلغار اور خونخوار رویے کی وجہ سے بزرگ، خواتین اور بچے اپنے گھروں تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں اور عام شہریوں کے لیے گلیوں سے گزرنا کسی خطرے سے خالی نہیں رہا۔شہر کے متاثرہ شہریوں اور معززین نے انتظامیہ کی نااہلی پر سخت غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ: میونسپل کمیٹی جیکب آباد فوری طور پر شہر بھر میں ہنگامی بنیادوں پر سگ کشی مہم (آوارہ کتے مار مہم) شروع کرے تاکہ شہریوں کو ان خونخوار جانوروں سے نجات مل سکے۔محکمہ صحت سندھ سول اسپتال جیکب آباد اور تعلقہ اسپتالوں میں اینٹی ریبیز ویکسین کی وافر مقدار میں فراہمی کو یقینی بنائے تاکہ کسی ناگہانی واقعے کی صورت میں شہریوں کی قیمتی جانیں بچائی جا سکیں۔

بقیہ نمبر 7 «قوم کی آواز»

کا کھل کر پردہ فاش ہو گیا ہے۔ڈسٹرکٹ کمشنر (ڈی سی) جیکب آباد شہزادو ساہی کی رپورٹس پر سیکریٹری صحت نے تعلقہ اسپتال ٹھل کے ایم ایس اور اسٹور کیپر کو تو عہدے سے ہٹا دیا ہے، مگر درجنوں غیر حاضر ڈاکٹروں کے خلاف کوئی پیڈا ایکٹ کے تحت اقدام نہ ہو سکا۔ڈپٹی کمشنر جیکب آباد شہزادو ساہی کی جانب سے بھجوائی گئی تفصیلی معائنہ رپورٹ کی روشنی میں سیکریٹری صحت سندھ نے ایکشن لیتے ہوئے ایم ایس ٹھل ڈاکٹر عبدالرشید نوناری کو فوری طور پر عہدے سے برطرف کر کے محکمہ صحت کے سیکریٹریٹ رپورٹ کرنے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 8 «قوم کی آواز»

سیاسی حکمت عملی بن چکا ہے۔اگر سعید غنی کی کوئی سیاسی حیثیت نہیں تو پھر ان کے سیاسی مخالفین کی ہر دوسری تقریر میں ان کا ذکر کیوں ہوتا ہے؟ اگر ان کی سیاست ختم ہو چکی ہے تو پھر ان کی سیاست آج بھی مخالفین کی گفتگو کا مرکز کیوں ہے؟ عابد حسین ستی نے کہا کہ سعید غنی کی سیاسی جدوجہد آج سے شروع نہیں ہوئی بلکہ یہ ایک ایسے گھرانے کی سیاسی جدوجہد کا تسلسل ہے، جس نے جمہوریت کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ان کے والد عثمان غنی کی شہادت ایک تاریخی حقیقت ہے۔سعید غنی نے بچپن میں قربانی کا یہ منظر دیکھا اور بعد ازاں اپنی زندگی سیاسی جدوجہد کے لیے وقف رکھی انہوں نے کہا کہ کراچی کے مشکل سیاسی ادوار میں خوف اور دباؤ کے باوجود سعید غنی نے اپنی سیاسی آواز بلند رکھی۔آج آرام دہ ماحول میں بیٹھ کر کسی کی جدوجہد کا مذاق اڑانا آسان ہے، لیکن مشکل حالات میں ثابت قدم رہنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ویسٹ کے صدر نے کہا کہ سیاسی اختلاف کو ذاتی، نسلی یا لسانی بنیادوں پر لے جانا غیر سنجیدہ سیاست ہے۔کراچی کسی ایک زبان، جماعت یا گروہ کی جاگیر نہیں بلکہ مختلف زبانیں بولنے والے لوگوں کا مشترکہ شہر ہے۔

بقیہ نمبر 9 «قوم کی آواز»

اثرات کے حوالے سے سنگین سوالات اٹھائے گئے ہیں ذرائع نے مطالبہ کیا ہے کہ سروس رولز کی صداقت، قانونی حیثیت اور منظوری کے عمل کا تعین کرنے کے لیے اعلیٰ سطحی اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کرائی جائیں۔تحقیقات میں یہ بھی معلوم کیا جائے کہ مذکورہ سروس رولز کی تیاری، منظوری اور نفاذ میں کون کون ذمہ دار تھا اور آیا ان کی بنیاد پر تقرریوں، ترقیوں، مالی مراعات یا دیگر انتظامی و مالی فیصلے کیے گئے یا نہیں تحقیقات میں اربوں روپے کے مبینہ مالی نقصان یا بے ضابطگیوں کا بھی مکمل جائزہ لیا جائے اور قانون کے مطابق ذمہ دار افراد کا تعین کیا جائے ذرائع نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ متنازع سروس رولز سے متعلق تمام ریکارڈ، منظوریوں، خط و کتابت اور مالی لین دین کو تحقیقات کا حصہ بنایا جائے تاکہ حقائق شفاف انداز میں سامنے لائے جا سکیں۔

بقیہ نمبر 10 «قوم کی آواز»

عاجز دھامراہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹھارو خان پنھور گزشتہ 40 برس سے پیپلز پارٹی سے وابستہ تھے اور پارٹی کی ایک مضبوط آواز تھے۔ان کی وفات پارٹی، ان کے خاندان اور برادری کے لیے بڑا نقصان ہے۔انہوں نے کہا کہ ٹھارو خان پنھور ماضی میں پیپلز پارٹی ضلع میرپورخاص کے قائم مقام صدر اور جنرل سیکریٹری بھی رہے۔وہ آمریت کے ادوار میں بھی پارٹی کے ساتھ ثابت قدمی سے وابستہ رہے اور ان کا انتقال پارٹی کے ایک دیرینہ اور نمایاں کارکن کے کردار کا اختتام ہے۔مرحوم کو آبائی قبرستان میں سیکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا، جبکہ ان کے بھائی شہزاد پنھور سے تعزیت کا سلسلہ جاری ہے۔ٹھارو خان پنھور کے انتقال پر ایم این اے میر منور خان ٹالپر، ایم این اے پیر آفتاب حسین شاہ جیلانی، ایم این اے ڈاکٹر مہیش ملانی، صوبائی وزیر سید ذوالفقار علی شاہ، صوبائی وزیر میر طارق ٹالپر، صوبائی وزیر سید سردار شاہ، ایم پی اے ہری رام کشوری لال، ایم پی اے نواب تیمور تالپر، ضلعی چیئرمین میر انور خان ٹالپر اور پیپلز پارٹی رہنما پیر عزت شاہ جیلانی نے بھی ان کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا

بقیہ نمبر 11 «قوم کی آواز»

کھلی دھمکی! کل پولیس کو اطلاع دی مگر کوئی توجہ نہ دی گئی، آج دکان پر مسلح حملہ کر کے جان سے مارنے کی کوشش کی گئی! پولیس عوام کو نہیں بلکہ بھتہ خوروں کی محافظ بن چکی ہے! کوئٹہ روڈ پر ٹائر نذر آتش، ٹریفک معطل، مظاہرین کی شدید نعرے بازی تفصیلات کے مطابق جیکب آباد شہر میں بھتہ خور مافیا اور مسلح ملزمان بے لگام ہو چکے ہیں جبکہ قانون نافذ کرنے والے ادارے بے بس اور خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔معروف تاجر عبدالستار بنگلانی سے ایک کروڑ روپے بھتہ طلب کرنے اور انکار پر ان کے تجارتی مرکز لطیف میڈیکل سینٹر پر 5 مسلح افراد کی جانب سے ہولناک حملہ اور جان سے مارنے کی کوشش کے بعد شہر کا ماحول انتہائی کشیدہ ہو گیا ہے۔متاثرہ تاجر عبدالستار بنگلانی نے واقعے کی تفصیلات بتاتے ہوئے انکشاف کیا کہ ایک کروڑ کا مطالبہ: "مجید گلوانی اور اس کے مسلح کارندوں نے مجھ سے رابطہ کر کے کہا کہ 'تم جیکب آباد میں اتنا بڑا کاروبار کر رہے ہو اور کما رہے ہو، ہمیں ایک کروڑ روپے منتھلی دینا پڑے گا' انکار کرنے پر ملزمان نے کہا کہ "ہم اس سے پہلے بھی کئی لوگوں کو مار چکے ہیں، تم بھی نہیں بچو گے۔ اگر جیکب آباد میں رہنا ہے تو بھتہ دینا ہوگا ورنہ یہ شہر چھوڑ کر چلے جاؤ، یہ شہر ہمارا ہے" عبدالستار بنگلانی کے مطابق، بھتے کے مطالبے اور سنگین دھمکیوں کے فوراً بعد انہوں نے مقامی پولیس کو بروقت آگاہ کیا، لیکن پولیس نے روایتی نااہلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کوئی توجہ نہ دی۔ پولیس کی عدم توجہی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے آج 5 مسلح افراد نے لطیف میڈیکل سینٹر پر سیدھا حملہ کر دیا انہوں نے سخت الفاظ میں کہا کہ "پولیس عوام اور تاجروں کے تحفظ کے لیے نہیں بلکہ بھتہ خوروں کے ساتھ کھڑی دکھائی دیتی ہے" عبدالستار بنگلانی نے مطالبہ کیا ہے کہ مجھے تحفظ فراہم کیا جائے اور مجید گلوانی اور دیگر پر مقدمہ درج کر کے گرفتار کیا جائے۔

بقیہ نمبر 12 «قوم کی آواز»

دہشتگردوں کے پہاڑوں پر جانے سے لے کر ان کی دوبارہ آبادکاری تک ریاست اور وفاق کو مسلسل خبردار کیا گیا، خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں جلسے، جلوس اور مظاہرے کر کے بدامنی کی واپسی کے خلاف آواز اٹھائی گئی، تاہم بار بار کی تنبیہات کو وفاقی وزراء نے پروپیگنڈا اور جھوٹ قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ موجودہ پالیسی غلط ہے اور اس کے نتیجے میں دوبارہ پختونوں کا خون بہہ رہا ہے، خیبر پختونخوا کے عوام کو ایک مخصوص مائنڈ سیٹ کے تجربات کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔آج صوبے میں فوجی جوان، پولیس اہلکار، بچے، خواتین، بزرگ اور عام شہری دہشتگردی کا نشانہ بن رہے ہیں۔سہیل آفریدی نے کہا کہ لاڈلوں کے لیے ایک پالیسی اور خیبر پختونخوا کے لیے دوسری پالیسی نہیں چل سکتی، بھارت کے حوالے سے ریاستی بیانیے کی نفی کرنے والوں سے بھی سوال ہونا چاہیے۔خیبر پختونخوا کو دوبارہ دہشتگردی کی آگ میں جھونکنے کی پالیسی ناقابل قبول ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ امن کے لیے ترقیاتی بجٹ میں 35 ارب روپے کی کٹوتی کر کے پولیس کو دی گئی، مالی سال 2026 میں پولیس کی استعداد بڑھانے کے لیے وسائل فراہم کیے گئے اور پولیس کے بجٹ میں 103 فیصد اضافہ کیا گیا۔پولیس کی نفری اور استعداد کار کو مضبوط، اسپیشل برانچ کو مستحکم اور پولیس کو جدید اسلحہ و دیگر ضروری آلات فراہم کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ صرف پولیس کو وسائل دینے سے مسئلہ حل نہیں ہوگا، وفاق کو پالیسی میں تبدیلی لانا ہوگی۔وہ 15 اکتوبر 2025 سے مسلسل کہہ رہے ہیں کہ 22 سال سے جاری پالیسی تبدیل کی جائے اور خیبر پختونخوا کے تمام اسٹیک ہولڈرز، حکومت، انتظامیہ اور پولیس کو اعتماد میں لے کر نئی پالیسی بنائی جائے۔سہیل آفریدی کا کہنا تھا کہ ان کی تجویز کردہ نئی پالیسی پر عمل کیا جائے تو 100 دن میں خیبر پختونخوا میں امن لایا جا سکتا ہے، مگر کوئی سننے کو تیار نہیں۔کچھ لوگ عقل کل بنے ہوئے ہیں اور خیبر پختونخوا کے اسٹیک ہولڈرز کی بات سننے کو تیار نہیں۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کی مرضی اور عوامی مینڈیٹ کے برعکس کوئی اقدام قابل قبول نہیں۔ایسی کرسی پر لعنت بھیجتا ہوں جو انہیں اپنے نظریے سے ہٹا دے، گورنر راج یا ایمرجنسی کی دھمکیوں سے اپنے مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹوں گا۔انہوں نے وفاق سے پالیسی تبدیل کرنے اور پالیسی شفٹ لانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اپنے فوجی جوانوں، پولیس اہلکاروں اور شہریوں کو مزید خون خرابے سے بچایا جائے، پالیسی میں تبدیلی خیبر پختونخوا کے ساتھ ساتھ پورے پاکستان کے مفاد میں ہے۔

بقیہ نمبر 13 «قوم کی آواز»

نتائج کے مطابق بی ایم جی امیدواروں نے مجموعی طور پر 45 ہزار 106 ووٹ حاصل کیے جبکہ بزنس مین الائنس (بی ایم اے) کو صرف 5 ہزار 6 ووٹ ملے۔اسی طرح بی ایم جی کو 40 ہزار 100 ووٹوں کی تاریخی برتری حاصل ہوئی جو تاجر و صنعتکار برادری کے غیر معمولی اعتماد کا واضح ثبوت ہے۔بی ایم جی امیدواروں نے کارپوریٹ کیٹیگری میں 22 ہزار 887 ووٹ حاصل کیے جبکہ بی ایم اے کو 2 ہزار 421 ووٹ ملے۔اس طرح بی ایم جی کو 20 ہزار 466 ووٹوں کی برتری ملی۔ایسوسی ایٹ کیٹیگری میں بی ایم جی نے 22 ہزار 219 ووٹ حاصل کیے جبکہ بی ایم اے کو 2 ہزار 585 ووٹ ملے جس سے بی ایم جی نے مزید 19 ہزار 634 ووٹوں کی برتری حاصل کی۔کے سی سی آئی کے انتخابات میں بی ایم جی کی شاندار جیت بھرپور مینڈیٹ کی عکاسی کرتی ہے جہاں بی ایم جی امیدواروں نے کارپوریٹ کیٹیگری کی تمام 15 ایگزیکٹو کمیٹی کی نشستیں جبکہ ایسوسی ایٹ کیٹیگری کی بھی تمام 15 نشستیں جیت لیں۔چیئرمین بی ایم جی زبیر موتی والا، وائس چیئرمین انجم نثار، جاوید بلوانی، میاں ابرار احمد، طارق یوسف، صدر کے سی سی آئی ریحان حنیف، سینئر نائب صدر محمد رضا اور نائب صدر عارف لاکھانی نے تاجر برادری کے بھرپور اعتماد اور بڑی تعداد میں ووٹ دینے پر ان کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔انہوں نے عارف حبیب، عقیل کریم ڈیڈھی، جاوید پپی، مقصود اسماعیل، ثاقب فیاض، انور کریم، یعقوب کریم، حنیف گوہر، رضوان عرفان، محسن شیخانی، حسن بخشی و دیگر ممتاز صنعتکاروں کا بھی شکریہ ادا کیا جنہوں نے بلاجھجک بی ایم جی کے امیدواروں کو ووٹ دیا۔زبیر موتی والا نے کہا کہ ہم ہر ایک ووٹر کے بے حد مشکور ہیں جنہوں نے بڑی تعداد میں باہر نکلے اور بی ایم جی کے حق میں اپنا ووٹ دیا۔یہ غیر معمولی مینڈیٹ اور تقریباً 90 فیصد کے شاندار مارجن کے ساتھ ملنے والا یہ شاندار مینڈیٹ ہمارے لیے نہ صرف اعزاز کا باعث ہے بلکہ ایک بڑی ذمہ داری بھی ہے۔انہوں نے کہا کہ بی ایم جی قیادت اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ شکر بجالاتی ہے اور اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ کراچی اور اس کی تاجر برادری کی خدمت مزید عزم اور جذبے کے ساتھ جاری رکھے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے تاجر برادری سے ملاقاتوں اور رابطوں کے دوران کراچی سے ایک عہد کیا تھا اور آج ہم اس عہد کی تجدید کرتے ہیں۔ہم کراچی کے لیے پہلے سے زیادہ جوش، جذبے اور لگن کے ساتھ کام کریں گے جبکہ آئندہ 6 ماہ کے دوران ہماری توجہ اور کوششوں کا ایک بڑا حصہ شہر اور اس کی معاشی ترقی پر مرکوز ہوگا۔

بقیہ نمبر 14 «قوم کی آواز»

فعال ہو گئی۔ہونان ریسورسز دھابیجی میں صنعتی فیکٹری چلانے والی چینی کمپنی ہے، جس کی صنعتی تنصیب فروری 2026 سے بند تھی اور اس دوران کمپنی کو مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔کمپنی نے صنعتی تنصیب سے متعلق معاملے کے حل میں ایس آئی ایف سی کی مداخلت اور تعاون کو سراہا ہے۔ایس آئی ایف سی نے متعلقہ حکام سے رابطہ کر کے معاملہ حل کرایا، جس کے بعد فیکٹری دوبارہ فعال ہو گئی۔ایس آئی ایف سی کے تعاون سے غیر ملکی سرمایہ کاروں کے مسائل کے حل اور پاکستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کی کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 15 «قوم کی آواز»

میں ہوا میں نمی کا تناسب زیادہ ہونے کے باعث حبس کی کیفیت برقرار ہے۔کم سے کم درجہ حرارت 26.5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جبکہ موجودہ درجہ حرارت 28 ڈگری سینٹی گریڈ ہے۔محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ دن کے اوقات میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33 سے 35 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہنے کا امکان ہے۔کراچی میں ہوا میں نمی کا تناسب 81 فیصد ہے جبکہ جنوب مغربی سمت سے 11 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہلکی ہوائیں چل رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 16 «قوم کی آواز»

منظور کرلی ہے تاہم کابینہ کا اجلاس کیم اکتوبر کو ہوگا، جس میں توسیع سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔سندھ ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جبران ناصر نے کہا کہ آج کمیشن میں کیس کے تفتیشی افسر سراج لاشاری اور سی پی ایل کے افسر کاشف کا بیان ہونا تھا جبکہ اعلیٰ پولیس افسران کو بھی سوالنامے بھیجے جانے تھے۔کمیشن نے 2 ستمبر کو چیف جسٹس کو آگاہ کر دیا تھا کہ اس کی مدت میں توسیع کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ تحقیقات کے دوران کئی ایسے نئے نام سامنے آئے ہیں جو پہلے تفتیش میں نظر نہیں آئے تھے اور ان کے بیانات بھی ریکارڈ کیے گئے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ اگر کمیشن کی تشکیل کی منظوری ایک روز میں لی جا سکتی تھی تو مدت میں توسیع کا فیصلہ بھی اسی طرح کیا جا سکتا تھا۔جبران ناصر نے کہا کہ اعلیٰ پولیس افسران سے متعلق سوالات کے جوابات کمیشن کو بھیجے جائیں گے، تاہم بہتر یہی تھا کہ متعلقہ افسران خود کمیشن کے سامنے پیش ہوتے۔ان کا کہنا تھا کہ صوبائی وزیر داخلہ مختصر نوٹس پر کمیشن میں پہنچ سکتے ہیں تو اعلیٰ پولیس افسران بھی پیش ہو سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 17 «قوم کی آواز»

شفاف بنایا جا رہا ہے جبکہ عوام کو بلدیاتی ترقیاتی منصوبوں اور فنڈز کی تفصیلات تک آسان رسائی دی جا رہی ہے۔ناصر حسین شاہ نے کہا کہ ڈیجیٹل دور میں درست معلومات تک رسائی افواہوں اور منفی پروپیگنڈے کا بہترین توڑ ہے، محکمہ بلدیات کے تمام ذیلی اداروں میں معلومات تک رسائی کے قوانین پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ کرپشن کا خاتمہ اور احتساب اسی وقت ممکن ہے جب شہری اپنے جاننے کے حق کو استعمال کریں، شہریوں اور صحافیوں کو عوامی اہمیت کے حامل معاملات تک رسائی فراہم کرنا آئینی ذمہ داری ہے۔

بقیہ نمبر 18 «قوم کی آواز»

غیر ملکی سیاحوں کیلئے ایک پرکشش اور محفوظ سیاحتی منزل بنانے کے لیے سندھ حکومت پرعزم ہے، وزیراعلیٰ سندھ نے سی ایم ہاؤس سے جاری اپنے پیغام میں کہا کہ سندھ کی سرزمین دنیا کی قدیم ترین تہذیبوں میں سے ایک ہے اور وادی سندھ کی عظمت کی امین ہے، موہن جو دڑو سندھ کی ہزاروں سال پر محیط تہذیبی عظمت اور انسانی تاریخ کا ایک روشن باب ہے جبکہ رنی کوٹ کی عظیم فصیل، جسے ''دیوارِ سندھ'' بھی کہا جاتا ہے، سندھ کے تاریخی ورثے کی شان ہے، ناہے، سید مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ میں قدیم آثار، تاریخی عمارات، پہاڑ، صحرا، جھیلیں، دریائے سندھ، ساحلی علاقے اور سمندر سیاحت کے وسیع امکانات رکھتے ہیں، گورکھ ہل کے دلکش پہاڑی مناظر سندھ کے قدرتی حسن کا منفرد شاہکار ہیں جبکہ خیرپور کا تاریخی فیض محل صوبے کے شاندار فن تعمیر اور ثقافتی ورثے کی خوبصورت مثال ہے، سادھ بیلو، شاہ جو بینار اور سکھر بیراج بھی سندھ کے تاریخی و ثقافتی حسن کا اہم حصہ ہیں، اسی طرح کیرتھر پہاڑی سلسلہ، کارونجھر کے پہاڑ، تھر کارگستان اور اچھڑو تھر سندھ کے منفرد قدرتی حسن اور صحرائی ثقافت کی نمایاں پہچان ہیں، وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ منچھر جھیل، کینجھر جھیل اور ہالیجی جھیل قدرتی حسن کے ساتھ ساتھ سیاحتی سرگرمیوں کیلئے بھی اہم مقامات ہیں، بھمبھور اور کیٹی بندر سندھ کی قدیم تہذیب، تاریخ اور تجارتی ورثے کی اہم علامتیں ہیں جبکہ سندھ کی کی ساحلی پٹی اور سمندری جزائر میں بھی سیاحت کے فروغ کے وسیع امکانات موجود ہیں، انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سندھ کو ایک پرکشش، محفوظ اور عالمی معیار کی سیاحتی منزل بنانے کیلئے حکومت اپنی کوششیں جاری رکھے گی اور تاریخی مقامات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ سیاحوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی پر بھی توجہ دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 19 «قوم کی آواز»

کارلا رہی ہے، عوام کتے کے کاٹنے یا زخم کو کسی بھی صورت معمولی نہ سمجھیں اور فوری طور پر ویکسین کرائیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت سندھ نے صوبے بھر میں ریبیز کے کنٹرول کے لیے جامع حکمت عملی ترتیب دی ہے جبکہ سرکاری ہسپتالوں اور دیہی مراکز صحت میں اینٹی ریبیز ویکسین کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے۔شرجیل انعام میمن نے کہا کہ سندھ حکومت ریبیز کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے جدید طریقوں پر عمل پیرا ہے، کتے یا کسی بھی متاثرہ جانور کے کاٹنے کی صورت میں عوام غفلت سے گریز کریں۔انہوں نے کہا کہ حکومت سندھ، طبی ماہرین اور عوام کے تعاون سے صوبے کو ریبیز سے پاک بنانے کے لیے کوشاں ہے۔

بقیہ نمبر 20 «قوم کی آواز»

بچاؤ کے لیے عوام میں آگاہی اور بروقت ویکسینیشن ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ پالتو جانوروں کی سالانہ ویکسینیشن لازمی کرائی جائے، کتے کے کاٹنے کی صورت میں روایتی ٹوٹکوں سے پرہیز کرتے ہوئے زخم کو فوری طور پر صابن اور بہتے پانی سے کم از کم 15 منٹ تک دھویا جائے۔محمد علی ملکانی نے کہا کہ حادثے کی صورت میں وقت ضائع کیے بغیر قریبی مرکز صحت سے رجوع کر کے ریبیز سے بچاؤ کا ویکسینیشن کورس مکمل کیا جائے۔صوبائی وزیر نے بتایا کہ آوارہ کتوں کی آبادی کو کنٹرول کرنے کے لیے نس بندی اور ویکسینیشن جیسے جدید سائنسی طریقے اختیار کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ریبیز سے پاک معاشرے کے قیام کے لیے اجتماعی کوششیں ضروری ہیں۔

بقیہ نمبر 21 «قوم کی آواز»

مقابلے کے بعد زخمی حالت میں گرفتار کرنے کا دعوی تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے تھانہ آباد کی حدود بچل واہ کے قریب مسلح ڈاکوؤں نے شہری حافظ قبول بنگلانی سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی، مزاحمت پر ڈاکوؤں نے شہری حافظ قبول بنگلانی پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں وہ زخمی ہو گیا۔اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او تھانہ آباد انسپکٹر اشتیاق احمد پٹھان نے فوری طور پر ملزمان کا تعاقب کیا، گاؤں عارف مارفانی کے قریب پولیس مقابلے کے بعد ڈاکو ملزم ذوالفقار مارفانی کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔گرفتار ڈاکو ملزم کے قبضے سے غیر قانونی پستول بھی برآمد کر لیا گیا۔زخمی ڈاکو ذوالفقار مارفانی اور فائرنگ سے زخمی شہری حافظ قبول بنگلانی کو ابتدائی طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کر دیا گیا۔گرفتار ڈاکو ملزم ذوالفقار مارفانی کا کریمنل ریکارڈ چیک کرنے پر تھانہ آباد میں درج 05 مقدمات سامنے آئے ہیں جبکہ دیگر تھانوں اور قریبی اضلاع سے بھی معلوم کیا جا رہا ہے، گرفتار ڈاکو کے چار ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، جن کی گرفتاری کے لیے پولیس کا تعاقب اور چھاپوں کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 22 «قوم کی آواز»

ہوئیں۔اس موقع پر آباد کے سابق چیئرمین محسن شیخانی، محمد حنیف گوہر، آباد کے سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید، وائس چیئرمین طارق عزیز، چیئرمین سدرن ریجن احمد اویس تھانوی، پریس کلب کے سیکریٹری اسلم خان، بیچ کے صدر راجہ کامران اور لگرا کے سیکریٹری جنرل محمد علی حفیظ و دیگر صحافیوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔آباد کے چیئرمین نے بتایا کہ آباد کی مسلسل کوششوں کے نتیجے میں تعمیراتی شعبے پر عائد فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کے خاتمے سمیت متعدد اہم معاملات میں پیش رفت ہوئی۔ان کے مطابق وزیراعظم کی ہاؤسنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹاسک فورس کی ری فارمیشن میں بھی آباد نے اپنا کردار ادا کیا، جبکہ تعمیراتی منصوبوں کے کمپلیشن سرٹیفکیٹس کے اجراء کے حوالے سے نیسپاک کے ذریعے مسائل حل کرانے کے لیے اقدام کیے گئے۔انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت پر قائم صوبائی کوآرڈینیشن کمیٹی اور بعد ازاں کمشنر کراچی کی سربراہی میں قائم کمیٹی کے ذریعے بھی تعمیراتی شعبے سے متعلق مختلف امور پر کام کیا گیا۔آباد کے مطالبے پر بھتہ خوروں وسیع اللہ لاکھو اور جمیل چھانگا کے ریڈ وارنٹ جاری کروائے۔چیئرمین آباد کے مطابق پاکستانی رہائشیوں کو بھی روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت فراہم کروائی گئے۔چیئرمین نے بتایا کہ میڈیا کی بھرپور مدد سے آباد نے فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کا خاتمہ کرایا جبکہ سیکشن 236-K کے ٹیکس میں 50 فیصد کمی اور 236-C میں بھی 50 فیصد کمی کرائی گئی، جبکہ اراضی کے استعمال کی تبدیلی پر عائد پابندی کے خاتمے کے لیے بھی آباد کی کوششیں رنگ لائیں۔انہوں نے بتایا کہ گھروں کی خریداری کے لیے 5 فیصد شرح پر دستیاب قرضے کی حد 50 لاکھ روپے سے بڑھا کر ایک کروڑ روپے کرانے میں بھی آباد نے کردار ادا کیا۔ان کے مطابق پہلی مرتبہ ایسکرو اکاؤنٹ رکھنے والے بلڈرز کے لیے 5 فیصد شرح سود پر 10 ارب روپے تک کے قرضوں کی سہولت فراہم کی گئی۔آباد چیئرمین نے مزید بتایا کہ ہاؤسنگ سیکٹر کے لیے پہلی مرتبہ ڈیبٹ ایکویٹی فنانسنگ کا فریم ورک متعارف کرایا گیا، جس میں 20 فیصد ایکویٹی اور 80 فیصد ڈیبٹ شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ آباد پہلی مرتبہ کیپٹل مارکیٹ میں بھی داخل ہونے جا رہا ہے، جس سے تعمیراتی شعبے کے لیے نئے مالیاتی مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔چیئرمین آباد نے کہا کہ ایسوسی ایشن آئندہ بھی حکومت، متعلقہ اداروں اور میڈیا کے ساتھ مل کر تعمیراتی اور ہاؤسنگ سیکٹر کے مسائل کے حل اور ملکی معیشت میں اس شعبے کے کردار کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ نمبر 23 «قوم کی آواز»

زخمی ہو گیا۔پولیس کے مطابق واقعہ رضویہ تھانے کی حدود میں اٹک پٹرول پمپ کے قریب پیش آیا، جہاں گن صاف کرتے ہوئے سیکیورٹی گارڈ سے اچانک گولی چل گئی، جس کی زد میں آ کر احمد نور ولد امیر گل زخمی ہو گیا۔زخمی کو طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا۔پولیس نے سیکیورٹی گارڈ کو حراست میں لے کر اسلحہ قبضے میں لے لیا۔

بقیہ نمبر 24 «قوم کی آواز»

زخمیوں کو طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کر دیا گیا۔پولیس کے مطابق بلدیہ اتحاد ٹاؤن کے علاقے خیبر چوک کے قریب ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر ملزمان کی فائرنگ سے 18 سالہ ثناء اللہ ولد یار محمد زخمی ہو گیا، جسے ایدھی ایمبولینس کے ذریعے سول اسپتال منتقل کیا گیا۔پولیس کا کہنا ہے کہ واقعہ ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر پیش آیا، واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔دوسری جانب سرجانی ٹاؤن سیکٹر D/6 سیون الیون کے قریب پراسرار فائرنگ کے نتیجے میں 32 سالہ محمد سلمان ولد محمد رشید زخمی ہو گیا۔پولیس کے مطابق محمد سلمان کو نامعلوم سمت سے آنے والی گولی لگی، جسے طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کر دیا گیا، واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 25 «قوم کی آواز»

پولیس کو واقعے کی مزید سی سی ٹی وی فوٹیج مل گئی ہے، جس میں ہلاک شخص کو مبینہ طور پر ساتھیوں کے ہمراہ واردات کی نیت سے علاقے میں آتے دیکھا گیا ہے۔سولجر بازار پولیس کے مطابق نئی سی سی ٹی وی فوٹیج میں 2 موٹر سائیکلوں پر سوار 3 مشتبہ افراد کو علاقے میں آتے دیکھا گیا، جن میں سے بعض کے پاس ریپٹر گن بھی موجود تھی۔پولیس کے مطابق فوٹیج میں ایک خاتون کو بچی کے ہمراہ دوڑتے ہوئے دکان میں داخل ہوتے دیکھا جا سکتا ہے۔خاتون کو دکان میں داخل ہوتے دیکھ کر سیکیورٹی گارڈ ہوشیار ہو گیا، جبکہ ایک موٹر سائیکل سوار گارڈ کی جانب بڑھا تو اس نے فائرنگ کر دی، جس سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔پولیس کا کہنا ہے کہ دستیاب شواہد سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ ہلاک شخص اپنے ساتھیوں کے ہمراہ واردات کی نیت سے آیا تھا اور سیکیورٹی گارڈ نے دفاع میں فائرنگ کی، تاہم واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔پولیس کے مطابق فائرنگ کے بعد ابتدائی طور پر ہلاک شخص کی شناخت 30 سالہ عاصم کے نام سے ہوئی تھی، جو لمکا شاپ پر کام کرتا تھا، تاہم بعد میں عاصم سے رابطہ کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ اپنے گھر پر موجود ہے، جبکہ اس کے دوستوں سے بھی تصدیق کر لی گئی، جس کے بعد ابتدائی شناخت غلط ثابت ہو گئی۔پولیس کا کہنا ہے کہ مقتول کی شناخت تاحال معمہ بنی ہوئی ہے اور شناخت کے لیے کوششیں جاری ہیں۔واقعے کی مزید سی سی ٹی وی فوٹیج اور دیگر شواہد کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے۔واضح رہے کہ ابتدائی طور پر پولیس نے واقعے کو غلط فہمی میں ہونے والی فائرنگ قرار دیا تھا اور جائے وقوعہ سے پستول کا خول تحویل میں لے کر سیکیورٹی گارڈ کو حراست میں لیا تھا۔

بقیہ نمبر 26 «قوم کی آواز»

بینکاری ذرائع کے ذریعے بیرون ملک سے ترسیلات زر وصول کرنے والے صارفین کے لیے سالانہ 16 ارب روپے کے نقد انعامات رکھے گئے ہیں۔اس اسکیم کی مکمل مالی معاونت بینکاری صنعت کرے گی اور قومی خزانے پر کوئی بوجھ نہیں پڑے گا۔اس کا مقصد بیرون ملک پاکستانیوں کو قانونی اور رسمی بینکاری ذرائع کے ذریعے اپنے اہل خانہ کو رقوم بھیجنے کی مزید ترغیب دینا ہے۔گورنر نے کہا کہ ورکرز ریمیٹنس پاکستان کے لاکھوں گھرانوں کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں۔یہ رقوم گھریلو اخراجات، تعلیم، صحت اور سرمایہ کاری میں مدد فراہم کرتی ہیں۔انہوں نے پاکستان کی بیرونی کھاتوں کی پوزیشن میں نمایاں بہتری کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ فروری 2023 میں اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ کے ذخائر 3 ارب ڈالر سے بھی کم رہ گئے تھے، جو اب بڑھ کر تقریباً 21.4 ارب ڈالر ہو گئے ہیں۔انہوں نے بیرون ملک پاکستانیوں کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ورکرز ریمیٹنس FY26 میں ریکارڈ 41.6 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، جبکہ FY19 میں یہ تقریباً 21.7 ارب ڈالر تھیں۔حکومت اور اسٹیٹ بینک نے برآمدات، روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ، غیر ملکی سرمایہ کاری، آئی ٹی کمپنیوں اور فری لانسرز کے لیے بھی مختلف سہولیات اور اصلاحاتی اقدامات کیے ہیں۔پہلے سے جاری RemittanceHome SchemeIncentive کے ذریعے رسمی چینلز کے استعمال کو فروغ ملا۔اب بتدریج زیادہ پائیدار اور مارکیٹ پر مبنی نظام کی طرف منتقلی کی جا رہی ہے، جس کا ایک اہم قدم پاسبان اسکیم ہے۔پاسبان ریمیٹنس ریوارڈ اسکیم کی اہم شرائط جس مستفید شخص کے بینک اکاؤنٹ میں ایک سہ ماہی کے اندر مسلسل تین ماہ تک ہر ماہ کم از کم 100 امریکی ڈالر یا اس کے مساوی رقم بطور ہوم ریمیٹنس موصول ہوگی، وہ اسکیم میں شامل ہونے کا اہل ہوگا۔ہر 100 امریکی ڈالر کی اہل ریمیٹنس پر ایک ڈیجیٹل، ناقابل منتقلی قرعہ اندازی نمبر/ٹکٹ ملے گا۔

بقیہ نمبر 27 «قوم کی آواز»

نے کہا کہ کتے کے کاٹنے یا خراش آنے کی صورت میں زخم کو فوری طور پر صابن اور پانی سے کم از کم 15 منٹ تک دھویا جائے اور اس کے بعد قریبی مرکز صحت سے رجوع کر کے ویکسین لگوائی جائے۔چیف سیکریٹری نے بتایا کہ سندھ میں کتے کے کاٹنے کے مریضوں کی تعداد گزشتہ سال کے پہلے 8 ماہ کے مقابلے میں تقریباً 30 فیصد بڑھ گئی ہے، صوبے کے مراکز صحت میں تقریباً 45 ہزار کتے کے کاٹنے والے مریضوں کا علاج کیا گیا جبکہ متاثرہ افراد کو اینٹی ریبیز ویکسین کی تقریباً ایک لاکھ 38 ہزار خوراکیں دی گئیں۔انہوں نے کہا کہ ضرورت کے مطابق ریبیز امیونوگلوبیولن کی بھی تقریباً 5 ہزار خوراکیں فراہم کی گئیں، جبکہ سندھ میں 278 اینٹی ریبیز یونٹس قائم کیے گئے ہیں جہاں ویکسین، زخم دھونے کی سہولت اور تربیت یافتہ طبی عملے کی دستیابی یقینی بنائی گئی ہے۔آصف حیدر شاہ نے کہا کہ ریبیز سے بچاؤ کے لیے عوامی آگاہی، بروقت علاج اور کتوں کی ویکسینیشن ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 28 «قوم کی آواز»

انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل دور میں درست معلومات تک رسائی کے ساتھ ساتھ ان کی صحت، ساکھ اور صداقت کو یقینی بنانا بھی ضروری ہے۔جعلی اور گمراہ کن معلومات کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لیے عوام میں ذرائع ابلاغ اور معلوماتی شعور اجاگر کرنا ہوگا۔گورنر سندھ نے کہا کہ سرکاری اداروں کی جانب سے عوام کو درست، بروقت اور قابل اعتماد معلومات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔مستند معلومات عوام کو باخبر فیصلے کرنے اور معاشرے میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بناتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ آزاد، ذمہ دار اور معیاری صحافت عوام تک مستند معلومات پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے، جبکہ معلومات تک عالمی رسائی شفافیت، احتساب، آزادی اظہار اور پائیدار ترقی کے فروغ کی بنیاد ہے۔

بقیہ نمبر 29 «قوم کی آواز»

تاریخ 31 اکتوبر 2026ء مقرر کرنے کا مطالبہ کر دیا۔انہوں نے کہا کہ توسیع تاجر برادری، صنعتکاروں، کاروباری اداروں اور دیگر ٹیکس دہندگان کو سہولت دینے کے ساتھ ٹیکس تعمیل بہتر بنانے اور ٹیکس بیس وسیع کرنے کیلئے ضروری ہے۔عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ 30 ستمبر کی آخری تاریخ قریب آنے کے باعث ٹیکس دہندگان اور ٹیکس ماہرین کو نظامی رکاوٹوں کا سامنا ہے۔ایف بی آر کا آئی آر آئی ایس پورٹل بڑھتے ہوئے ڈیجیٹل دباؤ کے باعث بار بار سست روی، تکنیکی خرابیوں اور تعطل کا شکار ہو رہا ہے، جس سے ہزاروں ٹیکس دہندگان کیلئے بروقت ریٹرن اور ویلتھ اسٹیٹمنٹ جمع کرانا مشکل ہو گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کاروباری برادری قومی خزانے میں اپنا حصہ ڈالنے اور ٹیکس ذمہ داریاں پوری کرنے کیلئے پرعزم ہے، تاہم ڈیجیٹل نظام کی کمزوریوں کا بوجھ ٹیکس دہندگان پر ڈالنا مناسب نہیں۔آئی آر آئی ایس کی بار بار خرابی کے باعث ٹیکس وکلا، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس اور کاروباری افراد کو ریٹرنز کی تیاری اور بروقت جمع کرانے میں مشکلات پیش آ رہی ہیں۔صدر ایف پی سی سی آئی نے کہا کہ ایک ماہ کی توسیع سے ٹیکس دہندگان کو اکاؤنٹس مکمل کرنے، حالیہ ٹیکس ترامیم اور رپورٹنگ تقاضوں کو سمجھنے، ویلتھ ریکنسیلی ایشن مکمل کرنے اور غیر ارادی غلطیوں سے بچنے کیلئے ضروری وقت مل سکے گا۔انہوں نے کہا کہ مہنگائی، کاروباری اخراجات میں اضافے اور موجودہ معاشی مشکلات نے بالخصوص چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کی انتظامی صلاحیت متاثر کی ہے، جبکہ متعدد ادارے مالیاتی آڈٹ اور ضروری دستاویزات کی تکمیل میں مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ ریٹرن جمع کرانے کی مدت میں توسیع حکومت کے ایکٹو ٹیکس فائلرز کی تعداد بڑھانے کے مقصد کو تقویت دے گی، جلد بازی میں فائلنگ کے بجائے اضافی وقت ملنے سے زیادہ درست معلومات اور بہتر ٹیکس تعمیل یقینی بنائی جا سکتی ہے، جس سے قومی محصولات میں بھی اضافہ ہوگا۔انہوں نے وزیراعظم، وزیر خزانہ محصولات اور چیئرمین ایف بی آر سے مطالبہ کیا کہ زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے فوری طور پر تاریخ میں توسیع کی جائے۔ان کا کہنا تھا کہ توسیع نہ ہونے کی صورت میں متعدد حقیقی کاروباری ادارے نان فائلر کے زمرے میں آ سکتے ہیں، جس سے جرمانوں اور کاروباری سرگرمیوں میں خلل کا خدشہ ہے۔ایف پی سی سی آئی نے ایف بی آر کے ساتھ مل کر آئی آر آئی ایس کے تکنیکی مسائل حل کرنے اور ٹیکس نظام کو مزید آسان و مؤثر بنانے کیلئے تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 30 «قوم کی آواز»

برآمدات میں اضافے، حکومتی اداروں سے رابطہ کاری، عالمی سطح پر روابط، نئی منڈیوں کی تلاش و ترقی اور صنعت سے متعلق مقامی و بین الاقوامی مسائل کے حل کے لیے معاونت شامل ہوگی۔اس موقع پر ڈاکٹر دانش امان نے ان پر اعتماد کا اظہار کرنے پر ایسوسی ایشن کی قیادت اور اراکین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ پاکستان کی لیدر گارمنٹس صنعت کی ترقی، فروغ اور عالمی سطح پر شناخت کے لیے اجتماعی طور پر اپنا کردار ادا کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد پاکستان کی لیدر گارمنٹس صنعت کو فروغ دینا، اراکین کے جائز مسائل حل کرنا اور ملکی مینوفیکچررز و ایکسپورٹرز کے لیے عالمی منڈیوں میں مزید مواقع پیدا کرنا ہوگا۔ڈاکٹر دانش امان ایسوسی ایشن کے چیئرمین سید شجاعت علی اور سرپرست اعلیٰ فواد اعجاز خان کے ساتھ مل کر ایسوسی ایشن کو مزید مستحکم کرنے اور اس کے اراکین کے مفادات کے فروغ کے لیے کام کریں گے

بقیہ نمبر 31 «قوم کی آواز»

چاندی کی قیمتوں میں نمایاں کمی ہوگئی۔بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 128 ڈالر کی کمی سے 4 ہزار 156 ڈالر کی سطح پر آ گئی۔عالمی مارکیٹ میں کمی کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹ میں فی تولہ سونے کی قیمت 12 ہزار 800 روپے کی کمی سے 4 لاکھ 38 ہزار 136 روپے جبکہ فی 10 گرام سونے کی قیمت 10 ہزار 973 روپے گھٹ کر 3 لاکھ 75 ہزار 631 روپے ہو گئی۔دوسری جانب فی تولہ چاندی کی قیمت 325 روپے کی کمی سے 6 ہزار 578 روپے جبکہ فی 10 گرام چاندی کی قیمت 279 روپے کم ہو کر 5 ہزار 639 روپے کی سطح پر آ گئی۔

بقیہ نمبر 32 «قوم کی آواز»

موصول ہونے والے تمام اعتراضات کا جائزہ لینے کے بعد ان پر فیصلہ کر لیا گیا ہے۔اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ ایم بی بی ایس میں داخلے کے لیے امیدواروں کے کم از کم 55 فیصد جبکہ بی ڈی ایس میں داخلے کے لیے کم از کم 50 فیصد نمبر حاصل کرنا لازمی ہے۔ایس ٹی ایس نے کامیاب امیدواروں کی فہرستیں بھی اپنی ویب سائٹ پر جاری کر دی ہیں، جہاں امیدوار اپنے حتمی نتائج دیکھ سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 33 «قوم کی آواز»

امور مسٹر صفیان نے بطور مہمان اعزاز شرکت کی۔تقریب میں ملک بھر سے سوپ، ایف ایم سی جی، او لیو کیمیکل، خوشبو سازی اور دیگر متعلقہ صنعتوں کے نمائندوں نے شرکت کی، گیلکس گروپ کے چیف ایگزیکٹو اور مینیجنگ ڈائریکٹر اور سوپ ایسوسی ایشن کے 2026-2028ء کی مدت کے لیے نومنتخب چیئرمین عثمان احمد نے معزز مہمانوں اور ایسوسی ایشن کے اراکین کا خیر مقدم کیا اور سبکدوش ہونے والے عہدیداران کی خدمات کو سراہتے ہوئے نومنتخب قیادت پر اعتماد کرنے پر اراکین کا شکریہ ادا کیا۔اپنے خطاب میں عثمان احمد نے کہا کہ پاکستان کی سوپ صنعت ملک کی بنیادی حفظان صحت کی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ ساتھ صنعتی پیداوار، روزگار، تجارت اور قومی خزانے میں محصولات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، سوپ کوئی لگژری آئٹم نہیں بلکہ روزمرہ استعمال کی بنیادی ضرورت ہے، جس کا براہ راست تعلق ذاتی صفائی، صحت عامہ اور حفظان صحت سے ہے۔

بقیہ نمبر 34 «قوم کی آواز»

انہوں نے کہا کہ خبر شائع کرنے سے پہلے حقائق کی جانچ اور مختلف ذرائع سے تصدیق صحافت کا بنیادی اصول ہے، جبکہ مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ مواد اور غلط معلومات کا پھیلاؤ صحافت کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے۔گیانچند ایسرانی نے کہا کہ صحافتی اداروں کو خبروں کے ذرائع، تصدیق اور غلطی کی صورت میں تصحیح کے عمل میں شفافیت اختیار کرنی چاہیے۔غلط معلومات معاشرے میں کشیدگی بڑھانے اور عوام کے اداروں پر اعتماد کو متاثر کرنے کا سبب بن سکتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ صحافیوں کو آزادانہ سوالات کرنے اور حقائق سامنے لانے کا ماحول فراہم کیا جائے۔صحافیوں، حکومت اور عوام کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ تحقیق، تصدیق اور سچائی پر مبنی معلومات کو فروغ دیا جائے۔گیانچند ایسرانی نے کہا کہ سوشل میڈیا کے دور میں ہر معلومات خبر نہیں، تصدیق شدہ معلومات ہی قابل اعتماد خبر ہے، عوام کو بھی خبر شیئر کرنے سے پہلے اس کے ماخذ اور درستگی کی جانچ کرنی چاہیے۔

بقیہ نمبر 35 «قوم کی آواز»

اور برآمدات کی ریڑھ کی ہڈی ہے، تاہم اس کی پیداوار میں مسلسل کمی تشویشناک ہے، حکومت ''کپاس اگاؤ، معیشت بچاؤ'' مہم کو قومی پالیسی کا حصہ بنائے۔انہوں نے پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن کے مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ کاٹن زونز میں قائم شوگر ملوں کو فوری طور پر منتقل کیا جائے، کپاس اور اس کی ضمنی مصنوعات، بشمول بنولہ اور کاٹن سیڈ کیک پر عائد سیلز ٹیکس ختم کیا جائے، بجلی کے بلوں میں شامل فکسڈ چارجز ختم اور کاٹن کنٹرول ایکٹ پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔میاں زاہد حسین نے کہا کہ امریکی محکمہ زراعت کی حالیہ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2026-27 میں پاکستان میں کپاس کی پیداوار 4.9 ملین بیلز رہنے کا امکان ہے جبکہ پیداواری ہدف 9.6 ملین بیلز مقرر کیا گیا تھا۔ملکی اسپننگ صنعت کی سالانہ ضرورت تقریباً 10 ملین بیلز ہے، اس لیے شارٹ فال پورا کرنے کیلئے 5 ملین سے زائد بیلز درآمد کرنا پڑ سکتی ہیں، جن کی مالیت تقریباً 2 ارب ڈالر بنتی ہے۔انہوں نے کہا کہ کپاس کی ملکی پیداوار میں کمی کے باعث یہ خطیر رقم پاکستانی کسانوں کے بجائے غیر ملکی کسانوں کو جائے گی اور زرمبادلہ کے ذخائر پر بھی اضافی دباؤ پڑے گا۔مالی سال 2023-24 میں کپاس کی پیداوار 7 ملین بیلز اور درآمدات 3.2 ملین بیلز تھیں، جبکہ 2024-25 میں پیداوار کم ہو کر 5 ملین بیلز رہ گئی اور درآمدات بڑھ کر 6.1 ملین بیلز ہو گئیں۔مالی سال 2025-26 میں پیداوار 5.6 ملین بیلز جبکہ درآمدات تقریباً 6 ملین بیلز رہیں۔میاں زاہد حسین نے کہا کہ گزشتہ 10 برس کے دوران کپاس کے زیر کاشت رقبے میں تقریباً 33 فیصد کمی پیداوار میں مسلسل گراوٹ کی بڑی وجہ ہے۔صنعتی پیداواری لاگت بھی خطے کے مقابلے میں زیادہ ہے، پڑوسی ممالک میں صنعتوں کو تقریباً 8 سینٹ فی یونٹ بجلی فراہم کی جا رہی ہے جبکہ پاکستان میں یہی شرح 14 سینٹ فی یونٹ ہے۔انہوں نے کہا کہ بجلی کے فکسڈ چارجز اور ٹیکسز کے علاوہ کپاس، بنولہ اور کاٹن سیڈ کیک پر سیلز ٹیکس جیسی پالیسیوں نے صنعت اور مارکیٹ کو متاثر کیا ہے، جنہیں فوری طور پر ختم کیا جانا چاہیے۔میاں زاہد حسین نے کہا کہ کاٹن زونز میں شوگر ملوں کے قیام کی اجازت دینا کپاس کے پیداواری رقبے اور صلاحیت کیلئے نقصان دہ ثابت ہوا، اس لیے وہاں قائم شوگر ملوں کو منتقل کر کے کاٹن کنٹرول ایکٹ پر مکمل عملدرآمد کیا جائے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت جننگ سیکٹر کو صنعتی درجہ دے تاکہ اسے مسابقتی نرخوں پر بجلی اور گیس فراہم کی جا سکے جبکہ کسانوں کو موسمیاتی تبدیلیوں سے مطابقت رکھنے والے جدید بیج فراہم کیے جائیں، بصورت دیگر عالمی منڈی میں پاکستان کی کپاس اور ٹیکسٹائل مصنوعات کا حصہ مزید متاثر ہو سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 36 «قوم کی آواز»

ہوئے پاکستان میں غیر قانونی طور پر مقیم 4 افغان شہریوں کو گرفتار کر لیا۔ملیر پولیس کے ترجمان کے مطابق گرفتار افراد کی شناخت سعید انور، ہارون، محمد فیضان اور عبدالودود کے نام سے ہوئی ہے۔پولیس نے چاروں افغان شہریوں کو مزید قانونی کارروائی کے لیے رشید آباد افغان کیمپ منتقل کر دیا ہے۔ملیر پولیس کے مطابق قانونی کارروائی مکمل ہونے کے بعد گرفتار افغان شہریوں کو افغانستان روانہ کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 37 «قوم کی آواز»

کے لیے اسلام آباد میں تقریباً 1100، پنجاب میں 1300 جبکہ ملک بھر میں مجموعی طور پر 2500 کے قریب گڈز کنٹینرز انتظامیہ نے قبضے میں لے کر کھڑے کر رکھے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت کو ان کنٹینرز کے روزانہ کرائے کی مد میں 4 کروڑ 65 لاکھ روپے ادا کرنے ہیں، تاہم تاحال ٹرانسپورٹرز کو کوئی ادائیگی نہیں کی گئی۔نثار حسین جعفری نے خبردار کیا کہ اگر کنٹینرز کے کرائے اور دیگر واجبات کی فوری ادائیگی نہ کی گئی تو ملک بھر کی بندرگاہوں پر سامان کی آمد و رفت مکمل طور پر روک دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ پورٹس پر کام بند ہونے سے ملک کی درآمدات اور برآمدات متاثر ہوں گی۔

بقیہ نمبر 38 «قوم کی آواز»

قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے 25 سالہ راہگیر جاں بحق ہو گیا۔پولیس کے مطابق حادثے کا ذمہ دار ڈرائیور گاڑی سمیت موقع سے فرار ہو گیا۔متوفی کے پاس سے شناخت کے حوالے سے کوئی دستاویز یا ایسی چیز نہیں ملی جس سے اس کی شناخت ہو سکے۔جاں بحق شخص کی لاش چھیپا ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کی گئی، جہاں قانونی کارروائی کے بعد شناخت اور ورثا کی تلاش کے لیے سرد خانے منتقل کر دی گئی۔پولیس کا کہنا ہے کہ سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے حادثے میں ملوث گاڑی کی شناخت کی کوشش کی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 39 «قوم کی آواز»

کے طریقوں سے آگاہ کرنا ہے۔دنیا بھر میں عام طور پر دل کی بیماریوں کو ایسے طرز زندگی سے جوڑا جاتا ہے، جس میں جسمانی سرگرمی کم اور بیٹھنے کا رجحان زیادہ ہو، تاہم حقیقت یہ ہے کہ قلبی بیماریاں صرف صحت کا مسئلہ نہیں بلکہ ترقی پذیر ممالک سمیت پوری دنیا کی معیشت پر بھی گہرے اثرات مرتب کرتی ہیں۔ان بیماریوں کے علاج پر بھاری اخراجات ہوتے ہیں، جبکہ بیماری کے باعث معذوری، قبل از وقت اموات اور کام سے غیر حاضری سے پیداواری صلاحیت بھی متاثر ہوتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ دل کی بیماریوں سے بچاؤ کو صرف طبی شعبے کا مسئلہ سمجھنے کے بجائے ایک اہم سماجی اور معاشی ترجیح کے طور پر دیکھنے کی ضرورت ہے۔عالمی یوم قلب کے موقع پر دنیا کے مختلف ممالک میں عوامی لیکچرز، آگاہی مہمات، پوسٹرز، معلوماتی پمفلٹس، مفت طبی معائنے اور دیگر سرگرمیوں کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ان سرگرمیوں کا مقصد عوام کو دل کی بیماریوں کے اسباب، خطرے کے عوامل اور احتیاطی تدابیر سے آگاہ کرنا ہے۔ہر سال پاکستان سمیت 90 سے زائد ممالک میں عالمی یوم قلب منایا جاتا ہے۔ان مسلسل کوششوں کے نتیجے میں یہ دن دل کی صحت سے متعلق آگاہی پھیلانے کا ایک مؤثر ذریعہ بن چکا ہے، بالخصوص ان ترقی پذیر ممالک میں جہاں قلبی بیماریاں ایک اہم طبی چیلنج ہیں۔ایتھروتھرومبوٹک کورونری آرٹری سنڈرومز سمیت مختلف قلبی امراض دنیا بھر، بشمول پاکستان، میں اموات کی بڑی وجوہات میں شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 40 «قوم کی آواز»

سے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کے اعزاز میں منعقد کی گئی تھی۔اس اجتماع میں گورنر سندھ سید نہال ہاشمی کے علاوہ پاکستان کے کاروباری، تعلیمی اور عوامی شعبوں کے نمایاں نمائندوں نے بھی شرکت کی۔بیرسٹر محمد اطہر خان نے کہا، "ایسے اجتماع کا حصہ بننا میرے لیے باعث اعزاز تھا جس میں پارلیمنٹ، کاروبار، تعلیم اور عوامی زندگی سے وابستہ قیادت ایک ہی چھت تلے جمع ہوئی۔اس طرح کے رابطے اور بات چیت انتہائی اہم ہیں کیونکہ پاکستان کا مستقبل اس کے اداروں، نجی شعبے اور اگلی نسل کی تعلیم و تربیت کے ذمہ داروں کے درمیان بامقصد تعاون پر منحصر ہے۔" انہوں نے پاکستان کے معاشی منظرنامے، فلاحی سرگرمیوں اور کاروباری برادری کے لیے جناب حمزہ تابانی کی دیرینہ خدمات کو سراہا، اور خاص طور پر ایسے پلیٹ فارم تشکیل دینے کی ان کی صلاحیت کی تعریف کی جہاں بااثر شخصیات قومی اہمیت کے حامل امور پر تعمیری مکالمہ کر سکیں۔اس ظہرانے کے دوران پاکستان کے معاشی امکانات، سرمایہ کاری کے ماحول، کاروبار میں سہولت کاری، قومی ترقی میں نجی شعبے کی شرکت اور پارلیمنٹ و کاروباری برادری کے درمیان روابط کو مضبوط بنانے کی اہمیت جیسے موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ہیپی پیلس گروپ آف اسکولز کی نمائندگی کرتے ہوئے بیرسٹر اطہر خان نے پاکستان کی مجموعی ترقی میں تعلیمی اداروں کے بڑھتے ہوئے اہم کردار پر بھی روشنی ڈالی۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ آج کے اسکولوں کو محض تعلیمی کامیابیوں تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ طلبہ میں قیادت، انٹرپرینیورشپ (کاروباری صلاحیت)، جدت، شہری ذمہ داری اور ملک کی تشکیل کرنے والی معاشی و سماجی حقیقتوں کے فہم کو بھی پروان چڑھانا چاہیے۔انہوں نے مزید کہا، "چار دہائیوں سے زائد عرصے سے، HPGS ایسے نوجوانوں کی تیاری کے لیے پرعزم ہے جو تعلیمی اعتبار سے نمایاں، سماجی طور پر ذمہ دار اور پاکستان کی ترقی میں بامقصد کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہوں۔تعلیم اور قومی ترقی کو ایک دوسرے سے الگ کر کے نہیں دیکھا جا سکتا؛ آج کے کلاس رومز ہی وہ مقامات ہیں جہاں مستقبل کی قیادت، کاروباری صلاحیت اور انسانی سرمایہ (capitalhuman) تشکیل پا رہا ہے۔" بیرسٹر اطہر خان نے اس ملاقات کو مختلف شعبوں کے رہنماؤں کے ساتھ خیالات کے تبادلے کا ایک اہم موقع قرار دیا اور تعلیم، کاروبار اور عوامی قیادت کے درمیان مضبوط روابط استوار کرنے کے لیے ہیپی پیلس گروپ آف اسکولز کے عزم کا اعادہ کیا۔HPGS کا ماننا ہے کہ ایک زیادہ ترقی پسند، مسابقتی اور خوشحال پاکستان کی تشکیل—اور اس ترقی کی قیادت کرنے کی صلاحیت رکھنے والی نسل کی تیاری—کے لیے معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ بامقصد ادارہ جاتی مکالمہ ناگزیر ہے۔

بقیہ نمبر 41 «قوم کی آواز»

چوہدری نے وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری، آئی سی سی آئی کے صدر سردار طاہر محمود، سینئر نائب صدر طاہر ایوب، نائب صدر محمد عرفان چوہدری، سابق صدر آئی سی سی آئی محمد اعجاز عباسی اور دیگر کاروباری رہنماؤں کی موجودگی میں کیا۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل نادرا سید گوہر عباس جعفری اور ڈائریکٹر امیگریشن اینڈ پاسپورٹس، ہیڈکوارٹرز بھی موجود تھے۔وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے آئی سی سی آئی کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ پاسپورٹ کاؤنٹر سے کاروباری برادری کو نمایاں سہولت حاصل ہوگی اور آئی سی سی آئی کے اراکین اس سہولت سے بھرپور استفادہ کریں گے۔بعد ازاں اوورسیز فیسلیٹیشن ڈیسک کا افتتاح وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے اراکین قومی اسمبلی انجم عقیل خان اور مس فرح ناز اکبر، آئی سی سی آئی کے صدر سردار طاہر محمود، سینئر نائب صدر طاہر ایوب، نائب صدر محمد عرفان چوہدری اور کاروباری برادری کے دیگر نمائندگان کے ہمراہ کیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے آئی سی سی آئی کی جانب سے اپنے اراکین کی عملی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے سہولت کاری کے اقدامات کو سراہا اور بالخصوص صدر آئی سی سی آئی سردار طاہر محمود کی کاروباری برادری کے لیے سہولیات بہتر بنانے کے عزم کو خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ کاروباری برادری کو سرکاری خدمات اس کی دہلیز کے قریب فراہم کرنے سے نہ صرف قیمتی وقت کی بچت ہوگی بلکہ غیر ضروری دفتری مراحل اور مشکلات میں بھی کمی آئے گی، جو کاروبار دوست ماحول کے فروغ میں معاون ثابت ہوگا۔آئی سی سی آئی کے صدر سردار طاہر محمود نے کہا کہ "کسی بھی چیمبر کی کارکردگی کا اصل پیمانہ یہ ہے کہ وہ اپنے اراکین کے لیے کتنی آسانی، سہولت اور عملی قدر پیدا کرتا ہے۔" انہوں نے کہا کہ آئی سی سی آئی اپنی وکالت اور نمائندگی کو واضح عملی اور ممبرز سنٹرک کرنے کے لیے پرعزم ہے اور پاسپورٹ کاؤنٹر اور اوورسیز فیسلیٹیشن ڈیسک کا قیام بھی اسی عزم کا عملی اظہار ہے

بقیہ نمبر 42 «قوم کی آواز»

پاکستان انفارمیشن کمیشن (PIC) شعیب احمد صدیقی، پاکستان انفارمیشن کمیشن کے رکن اعجاز اعوان، سندھ انفارمیشن کمیشن کے کمشنرز محمد سلیم خان اور نور محمد داوپوتو نے شرکت کی۔دونوں جانب سے اس امر کا اعادہ کیا گیا کہ شفافیت اور معلومات تک رسائی کے قوانین پر مؤثر عملدرآمد شہریوں کی معلومات تک آسان اور بروقت رسائی یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ادارہ جاتی شفافیت اور جوابدہی کو مضبوط بنانے کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔اجلاس میں پاکستان کے تمام انفارمیشن کمیشنز کی مشاورت اور شراکت سے معلومات تک رسائی کے قواعد کو مزید مؤثر اور ہم آہنگ بنانے کا معاملہ خصوصی طور پر زیر بحث آیا۔سندھ انفارمیشن کمیشن نے تجویز پیش کی کہ معروف ماہرین قانون، متعلقہ اسٹیک ہولڈرز اور ملک کے مختلف انفارمیشن کمیشنز کے نمائندوں پر مشتمل ایک رولز کمیٹی (CommitteeRules) تشکیل دی جائے، جو تمام RTI کمیشنز کے درمیان تفصیلی مشاورت کے ذریعے ملک بھر میں حتی الامکان یکساں اور مؤثر قواعد مرتب کرنے کے لیے کام کرے۔اجلاس میں عوام میں معلومات تک رسائی کے حق سے متعلق آگاہی بڑھانے، سرکاری اداروں کی استعداد کار میں اضافے اور معلومات کی بروقت اور ازخود فراہمی (DisclosureProactive) کے طریقہ ؟ کار کو مزید مؤثر اور آسان بنانے پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔شرکاء نے اس امر پر زور دیا کہ شفاف طرز حکمرانی عوامی اعتماد کی بحالی اور سرکاری خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے ناگزیر ہے۔

دونوں کمیشنز نے معلومات تک رسائی اور شفافیت کے حوالے سے اپنے تجربات کا تبادلہ کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ ازخود معلومات کی فراہمی کے نظام کو فروغ دینے، سرکاری افسران کے لیے تربیتی پروگراموں کی معاونت کرنے اور شہریوں کو معلومات تک رسائی کے آئینی و قانونی حق کے استعمال میں سہولت فراہم کرنے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔شرکاء نے اس یقین کا اظہار کیا کہ دونوں کمیشنز کے درمیان تعاون جمہوری اقدار کے فروغ، شفافیت، جوابدہی اور سرکاری اداروں کو شہریوں کی ضروریات کے لیے مزید جوابدہ بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔اجلاس میں دونوں کمیشنز کے متعلقہ RTI قوانین میں مزید بہتری لانے کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، تاکہ معلومات تک رسائی اور شفافیت کے مقاصد کو مزید مؤثر انداز میں حاصل کیا جا سکے۔پاکستان انفارمیشن کمیشن نے معلومات تک رسائی کے قوانین میں بہتری اور ان کے مؤثر نفاذ کے لیے سندھ انفارمیشن کمیشن کی کوششوں کو سراہا۔سندھ انفارمیشن کمیشن کے اراکین نے چیف انفارمیشن کمشنر شعیب احمد صدیقی اور پاکستان انفارمیشن کمیشن کا شکریہ ادا کیا اور RTI قوانین کو مزید مؤثر، آسان اور شہری دوست بنانے کے لیے ان کی مسلسل رہنمائی اور تعاون کو سراہا۔اجلاس کے اختتام پر دونوں جانب سے اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ عوامی آگاہی کی مہمات، تکنیکی معاونت، موجودہ قوانین میں ضروری ترامیم اور پالیسی سطح پر مؤثر اقدامات کے لیے باہمی مشاورت اور تعاون کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، تاکہ سرکاری اداروں میں شفافیت، کھلے پن، دیانت داری اور جوابدہی کے کلچر کو مزید فروغ دیا جا سکے

بقیہ نمبر 43 «قوم کی آواز»

نظام کو اپنی ویلیو چین میں آگے بڑھایا جائے، جو اس کی عالمی امنگ کا حصہ ہے کہ 2050 تک خالص صفر گرین ہاؤس گیس کے اخراج کو حاصل کیا جا سکے۔ایم او یو پر جیسن آوانسینا سی ای او اور مینیجنگ ڈائریکٹر، نیسلے پاکستان، اور کمپنی کی سینئر قیادت کی یو اے ایف آمد کے دوران دستخط کیے گئے۔اس موقع پر نیسلے لرننگ ریسورس سینٹر (این ایل آر سی) کے قیام کو بھی رسمی شکل دی گئی، جو نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف فوڈ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (نیف-سیٹ)، یو اے ایف میں واقع ہے۔اس موقع پر بات کرتے ہوئے، جیسن آوانسینا، سی ای او اور ایم ڈی، نیسلے پاکستان نے کہا، "نیسلے لرننگ ری-سورس سینٹر اور یو اے ایف کے ساتھ ہماری جاری شراکت کے ذریعے، ہم علمی اشتراک، تحقیق میں تعاون، اور رہنما-صلاحیتوں کی ترقی کے لیے مواقع پیدا کرنے کا مقصد رکھتے ہیں۔"

بقیہ نمبر 44 «قوم کی آواز»

پانچوں فیشن پریزنٹیشنز میں شہر کے نفیس اور دستکاری پر مبنی، تاریخی اور جدید، گلیمرس اور روایتی رنگ نمایاں ہوئے۔یوں یہ شو کراچی کے مختلف رنگوں اور ایک ایسی فیشن انڈسٹری کی عکاسی کرتا نظر آیا جو اپنی الگ الگ آوازوں کے باوجود اپنی شناخت اور اثر قائم رکھتی ہے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈیزائن 651 کے سی ای او اور بانی اور لام فیشن ویک کے شریک بانی سعد علی نے کراچی میں فیشن کے ایک مضبوط ماحولیاتی نظام کی اہمیت پر زور دیا۔سعد علی نے کہا کہ پاکستان کی برانڈ لیڈ فیشن انڈسٹری صرف سال میں دو رن وے یس تک محدود نہیں ہو سکتی، بلکہ اس کے لیے پورے سال جاری رہنے والا ایسا نظام درکار ہے جہاں ڈیزائنرز، برانڈز اور دستکاروں کو اپنی شناخت اور کام کو مستحکم کرنے کے لیے مواقع، مناسب ماحول اور ناظرین میسر آئیں۔انہوں نے کہا کہ LFW اسی مقصد کے تحت تشکیل دیا گیا ہے اور "کلیڈ وسکوپک کراچی" پہلی بار لاہور سے باہر اس تصور کو عملی شکل دے رہا ہے۔ان کے مطابق جب پاکستانی فیشن کو ایسے تاریخی مقام پر پیش کیا جاتا ہے جو خود شہر کی کہانی کا حصہ ہو تو اس کا اثر صرف ایک شام تک محدود نہیں رہتا۔ٹو جوری کی چار دہائیوں پر محیط فیشن یادداشت۔شام کا آغاز ''ٹو جوری-اے فورڈ یکیڈ فیشن ریٹروسپیکٹو'' سے ہوا۔یہ نمائش پاکستان کے معروف فیشن فوٹوگرافر اور کراچی کی بصری تاریخ کو محفوظ کرنے والی اہم شخصیت ٹو جوری کے وسیع آرکائیو سے ترتیب دی گئی تھی۔

بقیہ نمبر 45 «قوم کی آواز»

ہونے والے پہلے اجلاس کی یاد آج بھی تازہ ہے، جہاں قیصر امتیاز مرحوم ہمارے درمیان موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ قیصر امتیاز ایک مثالی اور کامیاب یو سی چیئرمین تھے، جنہوں نے اپنی یونین کونسل میں عوامی مسائل کے حل اور شہریوں کی خدمت کے لیے بھرپور کردار ادا کیا۔ان کی عوامی خدمات، خوش اخلاقی اور مخلصانہ طرزِ عمل کے باعث انہیں آج بھی اچھے الفاظ میں یاد کیا جاتا ہے۔فیصل مرزا نے کہا کہ قیصر امتیاز مرحوم ایک مخلص عوامی نمائندے اور اپنے ساتھیوں کے لیے بہترین مثال تھے، ان کی خدمات کو ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھا جائے گا۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم قیصر امتیاز کی مغفرت فرمائے، درجات بلند کرے اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ نمبر 46 «قوم کی آواز»

کی کارروائی 2 اکتوبر تک ملتوی کر دی گئی۔جسٹس عمر سیال کی سربراہی میں قائم کمیشن نے تحریری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے کہا کہ کمیشن کی مدت 27 ستمبر کو ختم ہو چکی ہے، تاہم کمیشن کی جانب سے مدت میں 15 اکتوبر تک توسیع کی درخواست سندھ حکومت کو ارسال کی گئی تھی۔تحریری حکم نامے کے مطابق سندھ حکومت کے فوکل پرسن نے کمیشن کو آگاہ کیا کہ مدت میں توسیع کی سمری وزیراعلیٰ سندھ نے منظور کر کے سندھ کابینہ کو فیصلے کے لیے ارسال کر دی ہے۔سندھ کابینہ کا اجلاس یکم اکتوبر کو متوقع ہے، اس لیے کمیشن کی کارروائی 2 اکتوبر تک ملتوی کرنا مناسب ہوگا۔حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ اگر سندھ کابینہ نے کمیشن کی مدت میں توسیع نہ کی تو مزید گواہان کو طلب نہیں کیا جائے گا اور اب تک ریکارڈ کیے گئے بیانات کی بنیاد پر کمیشن کی رپورٹ جلد جمع کرا دی جائے گی۔کمیشن کی مدت میں توسیع کی منظوری کی صورت میں نئے گواہان کو نوٹس جاری کیے جائیں گے جبکہ 3 سینئر پولیس افسران کو بھی سوالنامے ارسال کیے جائیں گے۔واضح رہے کہ میر رضا علی کے قتل کیس کی تحقیقات کے لیے جوڈیشل کمیشن ایک ماہ کے لیے تشکیل دیا گیا تھا جس کی مدت 27 ستمبر کو ختم ہوگئی۔

بقیہ نمبر 47 «قوم کی آواز»

نظام ڈاہری، حاجی دین ڈاہری اور گوٹھ مولا بخش ڈاہری سمیت متعدد گوٹھوں میں بجلی کے مین پولز اور کھمبے نصب کر کے بجلی بحال کرائی گئی۔مذکورہ علاقوں کے مکین طویل عرصے سے بنیادی سہولیات سے محروم تھے، جن کے وفود نے ڈاکٹر بہادر خان ڈاہری سے ملاقات کر کے مسائل سے آگاہ کیا تھا۔جہان پاکستان سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر بہادر خان ڈاہری نے کہا کہ حلقے کے عوام کے مسائل کا حل اور ان کے حقوق کا تحفظ ان کی اولین ترجیح ہے، عوام کی خدمت ہی ان کا مشن ہے۔انہوں نے برادری کے معززین پر زور دیا کہ بچوں کی تعلیم پر خصوصی توجہ دیں۔انہوں نے کہا کہ طلبہ میں صلاحیتوں کی کمی نہیں، انہیں معیاری تعلیم اور بہتر ماحول فراہم کیا جائے تو وہ ملک، قوم اور خاندان کا نام روشن کر سکتے ہیں۔وہ علاقے کے تعلیمی اداروں کا دورہ کر کے تعلیمی معیار کا جائزہ لیں گے اور ناقص نتائج کی صورت میں کارروا ئی کی جائے گی۔طلبہ کے تعلیمی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 48 «قوم کی آواز»

علاقہ مکینوں کی جانب سے حب ریور روڈ پر احتجاج اور پیٹرول پمپ پر توڑ پھوڑ اور ہنگامہ آرائی کے واقعے کا مقدمہ پیٹرول پمپ کے مینیجر کی مدعیت میں سعید آباد تھانے میں درج کر لیا گیا۔مقدمے میں 6 ملزمان نامزد کو نامزد کیا گیا ہے، پولیس افسران و پیٹرول پمپ کے عملے نے ہمت کر کے 6 افراد کو موقع پر سے پکڑا تھا۔تفصیلات کے مطابق 250 سے 300 مشتعل مظاہرین جن میں سے چند مسلح تھے فائرنگ کرتے ہوئے موقع سے فرار ہوئے۔مقدمے کے متن کے مطابق بجلی کی عدم دستیابی کے خلاف مواچھ گوٹھ کے مکینوں نے ساڑھے چار بجے حب ریور روڈ کو ٹریفک کے لیے بند کیا۔250 سے 300 مشتعل افراد نے جمع ہو کر پیٹرول پمپ پر دھاوا بول دیا اور توڑ پھوڑ شروع کر دی۔واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچی اور بلوائیوں کو پکڑنے کی کوشش کی اور توڑ پھوڑ سے منع کیا۔مشتعل افراد نے ڈنڈوں اور لاٹھیوں سے دھاوا بول دیا۔مشتعل مظاہرین نے پیٹرول پمپ کے دفتر کے شیشے توڑے اور دیگر اشیاء کو نقصان پہنچایا۔مظاہرین 2 اے سی، 2 لیپ ٹاپ، ایل سی ڈی، فریج، واٹر ڈسپنسر اٹھا کر لے گئے۔مشتعل مظاہرین 5 ڈیزل و پیٹرول کے ڈسپنسر، آئل کے ڈبے، اسلحے کے لائسنس اور 2 پمپوں کے کاغذات بھی لے گئے۔مقدمے کے متن کے مطابق مشتعل مظاہرین نے موقع پر کھڑی ایک موٹر سائیکل کو آگ لگا دی، 2 موٹر سائیکلوں کو توڑ پھوڑ کی اور اٹھا کر لے گئے توڑ پھوڑ سے پولیس موبائل کے شیشے اور لائٹ کو بھی نقصان پہنچا۔

بقیہ نمبر 49 «قوم کی آواز»

نے علاقہ مکینوں کی زندگی اجیرن کر دی ہے، شہری پانی کی ایک ایک بوند کو ترس گئے ہیں جبکہ متعلقہ حکام کو متعدد مرتبہ درخواستیں اور شکایات دینے کے باوجود مسئلہ تاحال حل نہیں ہو سکا۔جمعیت علمائے پاکستان کے رہنما شارق حسین نے کہا ہے کہ پانی جیسی بنیادی ضرورت کے لیے شہریوں کا چھ ماہ تک در بدر رہنا انتہائی تشویشناک ہے، کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے حکام فوری طور پر علاقے کا دورہ کر کے صورتحال کا جائزہ لیں اور پانی کی فراہمی بحال کریں۔انہوں نے کہا کہ 10 ہزار لائن کے مسائل، لیکیج، بلاکیج، خراب والز، غیر قانونی موٹروں اور پانی کی غیر قانونی فروخت نے پانی کی تقسیم کے نظام کو بری طرح متاثر کر رکھا ہے۔10 ہزار لائن سے تمام غیر قانونی کنکشنز اور موٹروں کی فوری جانچ کی جائے اور غیر قانونی پائے جانے والے کنکشنز ختم کیے جائیں۔پانی فروخت کرنے والے عناصر کے خلاف بھی قانون کے مطابق کارروائی کی جائے تاکہ شہریوں کے حصے کا پانی کسی صورت غیر قانونی طور پر استعمال نہ ہو۔شارق حسین نے کہا کہ اگر مختلف کمپنیوں یا اداروں کو 10 ہزار لائن سے پانی فراہم کیا جا رہا ہے تو ان کے لیے واضح اور باقاعدہ پانی کی فراہمی کا شیڈول بنایا جائے، کیونکہ کسی بھی ادارے یا بااثر گروہ کی ضرورت پوری کرنے کے لیے عام شہریوں کو پانی سے محروم رکھنا قابل قبول نہیں ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ حاجی میاں کی لائن میں بدبودار پانی کی شکایات بھی فوری طور پر دور کی جائیں۔متعلقہ عملہ لائن کا معائنہ کرے، آلودگی کی وجہ معلوم کرے اور شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائے۔10 ہزار لائن پر جاری لیکیج اور بلاکیج ختم کر کے لائن کی مکمل صفائی کرائی جائے جبکہ خراب وال کی فوری مرمت کی جائے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ مرتضیٰ چورنگی پر مستقل وال مین تعینات کیا جائے تاکہ پانی کی تقسیم کے نظام کی نگرانی ہو سکے اور لائنوں کو مقررہ شیڈول کے مطابق چلایا جا سکے۔اسی طرح لانڈھی ٹرن اوور پر صبح کے اوقات میں پانی کی فراہمی اور لوڈنگ کا واضح شیڈول جاری کیا جائے تاکہ شہریوں کو کم از کم یہ معلوم ہو کہ پانی کس وقت دستیاب ہوگا۔شارق حسین نے کہا کہ اہل علاقہ چھ ماہ سے پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں، خواتین، بچے، بزرگ اور روزمرہ زندگی کے تمام طبقات شدید مشکلات برداشت کر رہے ہیں، مگر بار بار درخواستیں دینے کے باوجود کوئی مستقل حل سامنے نہیں آیا۔اہل علاقہ نے اپنی مدد آپ کے تحت بھی کئی کام کیے ہیں، لیکن پانی کی فراہمی ایک بنیادی شہری ذمہ داری ہے جس سے متعلقہ ادارہ چشم پوشی نہیں کر سکتا۔انہوں نے کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ مزید کاغذی کارروائی کے بجائے فوری عملی آپریشن کیا جائے، 10 ہزار لائن کا مکمل تکنیکی معائنہ کرایا جائے، غیر قانونی موٹریں اور کنکشن ختم کیے جائیں، پانی چوری اور غیر قانونی فروخت کے خلاف کارروائی کی جائے اور 36-B اور 36-G برمی کالونی میں پانی کی باقاعدہ فراہمی بحال کی جائے۔شارق حسین نے خبردار کیا کہ اگر شہریوں کو ان کے بنیادی حق، یعنی پانی کی فراہمی سے مسلسل محروم رکھا گیا تو عوامی بے چینی میں مزید اضافہ ہوگا۔انہوں نے متعلقہ حکام سے ہمدردانہ مگر فوری اپیل کی کہ چھ ماہ سے جاری پانی کے بحران کا خاتمہ کر کے متاثرہ خاندانوں کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 50 «قوم کی آواز»

کے حوالے کر دیا گیا ہے، علاقے کے عوام میٹھے اور صاف پانی سے محروم ہیں جبکہ امن و امان کی صورتحال انتہائی خراب اور اسٹریٹ کرائم میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔حکومت اور متعلقہ ادارے شہریوں کے بنیادی مسائل کے حل اور جان و مال کے تحفظ کے لیے فوری اقدامات کریں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ فنکشنل ڈسٹرکٹ کیماڑی کے پی ایس 112 عوامی رابطہ دفتر کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب میں پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کراچی ڈویژن کے صدر ایڈووکیٹ انور عظیم خان، ڈسٹرکٹ کیماڑی کے صدر نذیر احمد بلوچ، جنرل سیکریٹری عبدالقوی، پی ایس 113 کے صدر مشتاق، جنرل سیکریٹری اسماعیل، ڈسٹرکٹ ممبر جان محمد سمیت پی ایس 111، پی ایس 113، پی ایس 114 اور پی ایس 115 کے عہدیداران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔افتتاحی تقریب میں سردار عبدالرحیم اور ایڈووکیٹ انور عظیم خان کی آمد پر کارکنان نے والہانہ استقبال کیا اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔روایتی انداز میں سردار عبدالرحیم کو بلوچی پگڑی پہنائی گئی جبکہ پنڈال میں پیر صاحب پگارا اسید صدرالدین شاہ کے حق میں نعرے بھی لگائے گئے۔سردار عبدالرحیم نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ فنکشنل ''متحد سندھ، مضبوط پاکستان'' کے فلسفے کے تحت عوام کے درمیان موجود ہے۔عوامی رابطہ دفاتر کا مقصد صرف تنظیمی سرگرمیوں کو آگے بڑھانا نہیں بلکہ عوام کے مسائل سننا، ان کے ساتھ کھڑا ہونا اور ان کے بنیادی حقوق کے لیے آواز بلند کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 51 «قوم کی آواز»

کرنے کے حوالے سے گفتگو ہوئی۔دونوں جانب سے ثقافتی اور ادبی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے باہمی تعاون کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔اس موقع پر صدر آرٹس کونسل آف پاکستان احمد شاہ نے گورنر سندھ کے سسر کے انتقال پر دلی تعزیت اور گہرے افسوس کا اظہار کیا اور مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے تعزیت اور ہمدردی کے اظہار پر صدر آرٹس کونسل آف پاکستان احمد شاہ کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 52 «قوم کی آواز»

چلنے والے بجلی گھروں پر انحصار کم کرتے ہوئے ملک کو صاف، قابل تجدید اور مقامی توانائی کی جانب منتقل کرنے پر زور دیا گیا۔یہ مطالبات نواب شاہ میں منعقدہ ایک عوامی فورم میں کیے گئے، جس کا عنوان "درآمدی ایندھن سے آزادی: توانائی کا تحفظ اور صاف ستھرا سفر" تھا۔فورم میں پالیسی سازوں، بینکوں کے نمائندوں، توانائی کے شعبے کے ماہرین اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔فورم کا مقصد بجلی اور ٹرانسپورٹ کے شعبوں میں مہنگے درآمدی ایندھن پر ملک کے انحصار کو کم کرنے اور صاف و مقامی توانائی کی جانب منتقلی کے لیے پالیسی اقدامات پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔عوامی فورم میں اراکین اسمبلی، ماہرین تعلیم، صحافیوں، سماجی تنظیموں کے نمائندوں، ماحولیاتی کارکنوں اور قابل تجدید توانائی کے شعبے سے وابستہ ماہرین نے شرکت کی۔مقررین عابد لاشاری تمغۂ امتیاز، رفیق احمد بلو، لال چند، اسلم نوری، مرتضیٰ چنڑ، طارق حسین چنڑ، معظم جتوئی، اسد میمن اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں جنگ شروع ہونے کے بعد درآمدی گیس (آر ایل این جی) کی قلت اور قیمتوں میں نمایاں اضافے نے بجلی کی پیداوار کو متاثر کیا ہے، جس کے نتیجے میں بجلی کی فراہمی پر دباؤ بڑھا اور لوڈشیڈنگ میں بھی اضافہ ہوا۔شرکاء نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ بھی اسی قسم کے دباؤ کا سامنا کر رہا ہے اور فروری کے آخر سے مئی کے آغاز تک پیٹرول کی قیمتوں میں 50 فیصد سے زائد اضافہ دیکھنے میں آیا۔فورم کے شرکاء نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے مطالبہ کیا کہ الیکٹرک گاڑیوں کے لیے خصوصی رعایتی قرضوں کی پالیسی کا اعلان کیا جائے، تاکہ کمرشل بینکوں کو الیکٹرک گاڑیوں کی خریداری اور فروغ کے لیے آسان شرائط پر قرضے فراہم کرنے کی ترغیب دی جا سکے۔شرکاء نے تجویز دی کہ اس پالیسی کے تحت موجودہ موٹر سائیکلوں اور رکشوں کو بجلی پر چلنے کے قابل بنانے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔یونیورسٹی کے طلبہ، بالخصوص طالبات، کو بھی خصوصی مالی معاونت فراہم کی جائے تاکہ وہ الیکٹرک گاڑیوں سے فائدہ اٹھا سکیں۔اس اقدام کے ساتھ قابل تجدید توانائی سے چلنے والے چارجنگ اسٹیشنز اور متعلقہ بنیادی ڈھانچے کے قیام کو بھی تیز کیا جائے۔فورم کے شرکاء نے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا کہ آر ایل این جی پر چلنے والے بجلی گھروں کے مستقبل کے استعمال کا از سر نو جائزہ لیا جائے، درآمدی ایندھن کے مالی بوجھ کو کم کیا جائے اور بجلی کے شعبے کے گردشی قرضے، جو 16 کھرب 70 ارب روپے تک پہنچ چکے ہیں، کو کم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔شرکاء کے مطابق ان اقدامات سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں، تاجروں اور عام شہریوں کو نسبتاً سستی اور قابل رسائی بجلی فراہم کرنے میں مدد مل سکتی ہے، جس سے ملکی معیشت اور صنعتوں کی بحالی میں بھی معاونت ہوگی۔فورم میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ سرکاری وسائل کو درآمدی ایندھن پر خرچ کرنے کے بجائے ملک کے اندر شمسی اور ہوا سے پیدا ہونے والی صاف اور قابل تجدید توانائی کے فروغ کی جانب منتقل کیا جائے۔اس کے ساتھ بیٹری اسٹوریج کی سہولیات میں سرمایہ کاری اور قومی گرڈ کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے، تاکہ طویل مدت میں پاکستان کی توانائی سلامتی کو یقینی بنایا جا سکے۔میں نے زبان کو اخباری اور باقاعدہ پریس ریلیز اسٹائل میں رکھا ہے، جبکہ آپ کے اصل مطالبات اور مقررین کے نام برقرار رکھے ہیں۔

بقیہ نمبر 53 «قوم کی آواز»

نہیں بلکہ ہم سب کا مشترکہ دکھ ہے، حکومت سندھ اور متعلقہ ادارے متاثرہ خاندان کے ساتھ کھڑے ہیں۔انہوں نے کہا کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی متعلقہ اداروں سے رابطہ کر کے کیس کی پیش رفت سے متعلق معلومات حاصل کیں، حکومت سندھ واقعے کو انتہائی سنجیدگی سے لے رہی ہے اور متاثرہ خاندان کو انصاف کی فراہمی کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔صوبائی معاون خصوصی نے مقتول کے والد کو یقین دہانی کرائی کہ واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے مطابق کارروائی کا سامنا کرنا ہوگا اور کسی ملزم کو رعایت نہیں دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ نریش کمار کے قتل کے ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کیلئے متعلقہ اداروں سے مکمل تعاون کیا جائے گا۔ڈاکٹر شام سندر آڈوانی نے سوگوار خاندان سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

اسلام آباد چیمبر میں پاسپورٹ کاؤنٹر اور اوورسیز فیسیلی ٹیشن ڈیسک قائم

طلال چوہدری، ڈاکٹر فضل چوہدری، سردار طاہر محمود، طاہر ایوب، محمد عرفان چوہدری اور سید گوہر عباس جعفری بھی موجود

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) نے اپنے اراکین کو مزید بہتر اور عملی سہولیات فراہم کرنے کے عزم کے تحت آئی سی سی آئی کے احاطے میں نادرا پاسپورٹ کاؤنٹر اور اوورسیز فیسیلیٹیشن ڈیسک قائم کر دیے ہیں، جس کا مقصد کاروباری برادری کو اہم سرکاری خدمات تک آسان اور براہِ راست رسائی فراہم کرنا ہے۔ نادرا پاسپورٹ کاؤنٹر کا افتتاح وزیر مملکت برائے داخلہ طلال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)





عالمی یومِ رسائی معلومات پر سندھ اور پاکستان انفارمیشن کمیشن کا اجلاس

چیف انفارمیشن کمشنر پاکستان شعیب احمد صدیقی، رکن اعجاز اعوان، سندھ انفارمیشن کمیشن کے کمشنر زمحمد سلیم خان، اور نور محمد دایو بھی شریک

کراچی (بزنس رپورٹر) عالمی یومِ رسائی معلومات کے موقع پر سندھ انفارمیشن کمیشن (SIC) اور پاکستان انفارمیشن کمیشن (PIC) کے نمائندوں کا ایک اہم اجلاس سندھ انفارمیشن کمیشن کے دفتر میں منعقد ہوا، جس میں معلومات تک رسائی (RTI) کے قوانین پر مؤثر عملدرآمد اور دونوں کمیشنز کے درمیان باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے کے لئے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں چیف انفارمیشن کمشنر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)



کیماڑی کے عوام صاف پانی، امن و امان، بنیادی سہولیات سے محروم، سردار عبدالرحیم

حکومت اور متعلقہ ادارے شہریوں کے بنیادی مسائل کے حل اور جان و مال کے تحفظ کے لیے فوری اقدامات کریں، جنرل سیکریٹری پی ایم ایل ایف سندھ کے جنرل سیکریٹری سردار عبدالرحیم نے کہا ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کہ ڈسٹرکٹ کیماڑی کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے بجائے مسائل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)



لانڈھی B-36 میں پانی کی باقاعدہ فراہمی بحال کی جائے، شارق حسین

کراچی (این این آئی) لانڈھی ٹاؤن کے علاقے B-36 اور G-36 بری کالونی میں گزشتہ چھ ماہ سے پانی کی شدید قلت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

مواچھ گوٹھ میں بجلی کی عدم دستیابی کے خلاف علاقہ مکینوں کی ہنگامہ آرائی

کراچی (این این آئی) مواچھ گوٹھ میں بجلی کی عدم دستیابی کے خلاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

عوام کے مسائل کا حل اور حقوق کا تحفظ اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر بہادر ڈاہری

گوٹھوں میں بجلی سڑک، سیوریج، پانی، بنیادی سہولیات کی فراہمی تعلیمی معیار پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، رکن سندھ اسمبلی

کراچی (اسپیشل رپورٹر) رکن سندھ اسمبلی سردار ڈاکٹر بہادر خان ڈاہری نے اپنے حلقے میں بڑے پیمانے پر ترقیاتی کام مکمل کراتے ہوئے درجنوں گوٹھوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی ہے۔ ترقیاتی منصوبوں میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت، بجلی، سوئی گیس، سیوریج و نکاسی آب، پیور بلاک اور دیگر عوامی سہولیات شامل ہیں۔ حاجی نبی بخش ڈاہری، سن ساوری، گوٹھ قاضی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

میر رضا کیس: جوڈیشل کمیشن کی مدت میں توسیع کا فیصلہ نہ ہوسکا

کمیشن نے مدت 15 اکتوبر تک بڑھانے کی درخواست کردی، کارروائی 2 اکتوبر تک ملتوی

کراچی (این این آئی) میر رضا علی کے قتل کیس کی تحقیقات کے لیے قائم جوڈیشل کمیشن کی مدت ختم ہوگئی، تاہم سندھ حکومت کی جانب سے توسیع کا فیصلہ نہ ہونے کے باعث کمیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

مرحوم قیصر امتیاز کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، فیصل مرزا

قیصر امتیاز مثالی اور کامیاب ترین یوسی چیئرمین تھے، عوامی مسائل کے حل اور شہریوں کی خدمت میں نمایاں کردار ادا کیا

کراچی (این این آئی) فیصل مرزا نے مرحوم چیئرمین یونین کونسل 26 قیصر امتیاز کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 28 ستمبر 2016 کو کے ایم سی بلڈنگ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)



لام فیشن ویک پہلی بار لاہور سے باہر کراچی پہنچ گیا، ''کلیڈوسکوپک کراچی'' کے عنوان سے شاندار فیشن شو

منفرد فیشن شو میں دیپک پروانی، وردہ سلیم، کھاڈی، دی پنک ٹری کمپنی اور شاصفینا ز نے اپنی تخلیقات پیش کیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) لام فیشن ویک (LFW) نے کراچی میں اپنے دوسرے ایڈیشن LFW Presents کا اختتام ''کلیڈوسکوپک کراچی'' کے عنوان سے پانچ ڈیزائنرز پر مشتمل شاندار رن وے شو کے ساتھ کیا۔ یہ فیشن شو انڈس ویلی اسکول آف آرٹ اینڈ آرکیٹیکچر (IVS) کے تاریخی ٹھٹھہ وان جی بلڈنگ میں منعقد ہوا۔ اس منفرد فیشن شو میں دیپک پروانی، وردہ سلیم، کھاڈی، دی پنک ٹری کمپنی اور شاصفینا ز نے اپنی تخلیقات پیش کیں، جبکہ تقریب کا آغاز معروف فوٹوگرافر ٹپو جویری کی چار دہائیوں پر محیط آرکائیول نمائش سے ہوا۔ یہ PresentsLFW کا لاہور سے باہر پہلا ایڈیشن تھا۔ ''کلیڈوسکوپک کراچی'' کا بنیادی تصور یہ تھا کہ کراچی کو کسی ایک تصویر یا ایک انداز میں بیان نہیں کیا جاسکتا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

گورنر سندھ سے صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ کی ملاقات

ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، ثقافت اور سیاحت کے فروغ سمیت مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے صدر آرٹس کونسل آف پاکستان احمد شاہ نے گورنر ہاؤس کراچی میں ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، ثقافت اور سیاحت کے فروغ سمیت مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران سندھ کی بھرپور ثقافتی روایات، تاریخی ورثے کے تحفظ، فنونِ لطیفہ کے فروغ اور صوبے میں سیاحتی سرگرمیوں کو مزید اجاگر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)



معذور افراد کیلئے الیکٹرک گاڑیوں کیلئے رعایتی قرضے فراہم کیے جائیں، عابد لاشاری

گرو گرین نیٹ ورک اور این ڈی ایف کا اسٹیٹ بینک نواب شاہ سے الیکٹرک گاڑیوں کے لیے رعایتی قرضوں کی پالیسی کا مطالبہ

نواب شاہ (بزنس رپورٹر) گرو گرین نیٹ ورک، انڈس کنسورشیم اور نیشنل ڈس اسپلٹی اینڈ ڈوالپمنٹ فورم (این ڈی ایف) نواب شاہ نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ الیکٹرک گاڑیوں کے لیے خصوصی رعایتی قرضوں کی پالیسی متعارف کرائی جائے۔ ساتھ ہی درآمدی گیس سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)



وزیر اعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی کی نریش کمار قتل، متاثرہ خاندان کو انصاف کی یقین دہانی، حکومت سندھ متاثرہ خاندان کے ساتھ کھڑی ہے، ملوث عناصر کو کسی رعایت نہیں دی جائے گی، ڈاکٹر شام سندر آڈوانی

کراچی (این این آئی) رکن سندھ اسمبلی اور وزیر اعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی برائے اقلیتی امور و چیئرمین سندھ ایویکیوٹرسٹ پراپرٹی بورڈ ڈاکٹر شام سندر آڈوانی نے حیدرآباد میں قتل ہونے والے نوجوان ہندو تاجر نریش کمار کے والد ایسر داس اور قریبی رشتہ دار لالچند گنگوانی سے ٹیلیفون پر رابطہ کرکے تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر شام سندر آڈوانی نے کہا کہ نریش کمار کا المناک بچھڑنا صرف ان کے خاندان کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

نیسلے پاکستان اور یو اے ایف کے درمیان مضبوط شراکت داری

جیسن آوانسینا سی ای او اور مینجنگ ڈائریکٹر، نیسلے پاکستان، کنٹری منیجر وقار احمد اور سینئر قیادت کی یو اے ایف آمد پر دستخط

کراچی (بزنس رپورٹر) نیسلے پاکستان، یو اے ایف نے شراکت داری کو مضبوط کیا تاکہ تخلیقی زرعی نظام، پائیدار خوراک کی نظام کو آگے بڑھایا جاسکے۔ نیسلے پاکستان اور یونیورسٹی آف زراعت فیصل آباد (یو اے ایف) نے یادداشت برائے مفاہمت (ایم او یو) پر دستخط کیے تاکہ تعاون کو پائیدار زرعی نظام، غذائی سائنس، غذا، اطلاقی تحقیق، اور ورک فورس کی ترقی میں مضبوط کیا جاسکے۔ یہ اشتراک نیسلے کی کوششوں کی حمایت کرتا ہے کہ تخلیقی زرعی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)



سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

کراچی چیمبر کے انتخابات، بی ایم جی کا کلین سوئپ، بی ایم اے کو بدترین شکست

زبیر موتی والا سمیت بی ایم جی قیادت کا تاریخی فتح پر تاجر برادری کو زبردست خراج تحسین، ووٹرز کو اثاثہ قرار دے دیا

بی ایم جی نے 90 فیصد ووٹوں کے ساتھ کارپوریٹ اور ایسوسی ایٹ کی 30 نشستیں جیت لیں، بی ایم جی کی جیت کی روایت برقرار

الیکشن کمیشن ممبران عبداللہ ذکی، آصف سم سم، خرم سہگل کے عمدہ انتظامات، چیف پولنگ ایجنٹ یونس بشیر کی بہترین کارکردگی کا رزلٹ



کراچی (بزنس رپورٹر) بزنس مین گروپ (بی ایم جی) نے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کی ایگزیکٹو کمیٹی کے انتخابات 2026-28 میں اپنی جیت کی روایت برقرار رکھتے ہوئے تاریخی اور شاندار کامیابی حاصل کی اور کارپوریٹ اور ایسوسی ایٹ دونوں کیٹگریز میں بھاری اکثریت سے کامیابی اپنے نام کرلی۔ کراچی چیمبر کی جانب سے جاری غیر حتمی نتائج کے مطابق بی ایم جی امیدواروں نے مجموعی طور پر 45 ہزار 106 ووٹ حاصل کیے جبکہ بزنس مین الائنس (بی ایم اے) کو صرف 5 ہزار 6 ووٹ ملے۔ اس طرح بی ایم جی کو 40 ہزار 100 ووٹوں کی تاریخی برتری حاصل ہوئی جو تاجر و صنعتکار برادری کے غیر معمولی اعتماد کا واضح ثبوت ہے۔ بی ایم جی امیدواروں نے کارپوریٹ کیٹیگری میں 22 ہزار 887 ووٹ حاصل کیے جبکہ بی ایم اے کو 2 ہزار 421 ووٹ ملے۔ اس طرح بی ایم جی کو 20 ہزار 466 ووٹوں کی برتری ملی۔ ایسوسی ایٹ کیٹیگری میں بی ایم جی نے 22 ہزار 219 ووٹ حاصل کیے جبکہ بی ایم اے کو 2 ہزار 585 ووٹ ملے جس سے بی ایم جی نے مزید 19 ہزار 634 ووٹوں کی برتری حاصل کی۔ کے سی سی آئی کے انتخابات میں بی ایم جی کی شاندار جیت بھرپور میڈیٹ کی عکاسی کرتی ہے جہاں بی ایم جی امیدواروں نے کارپوریٹ کیٹیگری کی تمام 15 ایگزیکٹو کمیٹی کی نشستیں جبکہ ایسوسی ایٹ کیٹیگری کی بھی تمام 15 نشستیں جیت لیں۔ چیئرمین بی ایم جی زبیر موتی والا، وائس چیئرمین انجم نثار، جاوید بلوانی، میاں ابرار احمد، طارق یوسف، صدر کے سی سی آئی ریحان حنیف، سینئر نائب صدر محمد رضا اور نائب صدر عارف لاکھانی نے تاجر برادری کے بھرپور اعتماد اور بڑی تعداد میں ووٹ دینے پر ان کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے عارف حبیب، عقیل کریم ڈیڈھی، جاوید پپی، مقصود اسماعیل، ثاقب فیاض، انور کریم، یعقوب کریم، حنیف گوہر، رضوان عرفان، محسن شیخانی، حسن بخشی و دیگر ممتاز صنعتکاروں کا بھی شکریہ ادا کیا جنہوں نے بلا جھجک بی ایم جی کے امیدواروں کو ووٹ دیا۔ زبیر موتی والا نے کہا کہ ہم ہر ایک ووٹر کے بے حد مشکور ہیں جنہوں نے بڑی تعداد میں باہر نکلے اور بی ایم جی کے حق میں اپنا ووٹ دیا۔ یہ غیر معمولی مینڈیٹ اور تقریباً 90 فیصد کے شاندار مارجن کے ساتھ ملنے والا یہ شاندار مینڈیٹ ہمارے لیے نہ صرف اعزاز کا باعث ہے بلکہ ایک بڑی ذمہ داری بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی ایم جی قیادت اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ شکر بجالاتی ہے اور اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ کراچی اور اس کی تاجر برادری کی خدمت مزید عزم اور جذبے کے ساتھ جاری رکھے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے تاجر برادری سے ملاقاتوں اور رابطوں کے دوران کراچی سے ایک عہد کیا تھا اور آج ہم اس عہد کی تجدید کرتے ہیں۔ ہم کراچی کے لیے پہلے سے زیادہ جوش، جذبے اور لگن کے ساتھ کام کریں گے جبکہ آئندہ 6 ماہ کے دوران ہماری توجہ اور کوششوں کا ایک بڑا حصہ شہر اور اس کی معاشی ترقی پر مرکوز ہوگا۔



تاریخی فتح: علی حسام اصغر لاہور چیمبر کے بلا مقابلہ صدر منتخب ہوگئے، نیا سنگ میل

سردار عثمان غنی سینئر نائب صدر اور خادم حسین بھی بلا مقابلہ نائب صدر منتخب، کاغذات نامزدگی درست قرار

تینوں عہدیداروں کے مقابلے میں کسی امیدوار نے بھی کاغذات نامزدگی جمع نہیں کرائے تھے، الیکشن کمیشن کا اعلان

کارپوریٹ کلاس میں 23 ستمبر کو پندرہ امیدوار اور ایسوسی ایٹس کلاس میں بھی چوبیس ستمبر کو پندرہ امیدوار کامیاب



لاہور (بزنس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات 2026 میں علی حسام اصغر صدر، سردار عثمان غنی سینئر نائب صدر اور خادم حسین نائب صدر بلا مقابلہ منتخب ہوگئے ہیں کیونکہ ان عہدوں کے لیے کسی دوسرے امیدوار نے کاغذات نامزدگی جمع نہیں کرائے۔ کاغذات نامزدگی 26 ستمبر کو جمع کرائے گئے جبکہ ان کی جانچ پڑتال کا عمل 28 ستمبر تک جاری رہا۔ علی حسام اصغر، سردار عثمان غنی اور خادم حسین کے کاغذات نامزدگی درست قرار پائے۔ چنانچہ علی حسام اصغر صدر، سردار عثمان غنی سینئر نائب صدر اور خادم حسین نائب صدر بلا مقابلہ منتخب ہوگئے۔ لاہور چیمبر کے انتخابات 2026 دو مراحل میں منعقد ہوئے۔ کارپوریٹ کلاس کے لیے پولنگ 23 ستمبر جبکہ ایسوسی ایٹ کلاس کے لیے پولنگ 24 ستمبر کو ہوئی۔ دونوں مراحل کے نتائج الیکشن کمیشن کی جانب سے پہلے ہی مرتب کیے جاچکے تھے۔ کارپوریٹ کلاس میں 15 امیدوار کامیاب ہوئے۔ کامیاب امیدواروں میں علی حسام اصغر نے 1,700 ووٹ، شیخ محمد ابراہیم نے 1,638، حامد رضا نے 1,605، سید یوسف جمیل حسین رضوی نے 1,588، عظیم افتخار نے 1,585، مردان علی زیدی نے 1,570، طارق محمود نے 1,562، ذوالفقار علی چوہدری نے 1,549، حماد محمود نے 1,544، چوہدری محمد فرغام نے 1,541، محمد علی نے 1,535، محمد عمر عبداللہ چوہدری نے 1,512، چوہدری طاہر منظور نے 1,478، عامر عطا باری نے 1,460 اور حمزہ مجید نے 1,455 ووٹ حاصل کیے۔ ایسوسی ایٹ کلاس میں وژن الائنس کے 15 امیدوار کامیاب ہوئے۔ ان میں سید عظمت علی نے 5,428 ووٹ، زمان نصیب نے 5,421، شہاب بشارت نے 5,416، مقبول صدیقی نے 5,390، عادل بابر خان نے 5,385، خادم حسین نے 5,382، شہزاد محمود نے 5,370، نوید ایوب نے 5,355، ساحر مشتاق نے 5,351، سردار عثمان غنی نے 5,344، محمد اعجاز غوری نے 5,306، محمد یاسین نے 5,305، علی رضا نے 5,305، شاہ بہرام نے 5,166 اور شہزاد علی شاہ نے 4,990 ووٹ حاصل کیے۔ کارپوریٹ اور ایسوسی ایٹ کلاس کی پولنگ اور تین اہم عہدیداروں کے انتخاب کے لیے مقررہ عمل کی تکمیل کے بعد لاہور چیمبر کے انتخابات کا عمل متعلقہ انتخابی قواعد اور شیڈول کے مطابق آگے بڑھا ہے۔